تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد: 02 | جمعرات 04 جون 2026، 18 ذوالحجہ 1447ھ | صفحات 06 | قیمت 30 روپے | شمارہ: 264

گلگت بلتستان سی پیک کا مرکز خطے اور قومی ترقی کیلئے ضروری ہے، نواز شریف

یہاں ووٹ مانگنے نہیں مسائل کے حل کیلئے آیا ہوں، نئے شروع ہونیوالے منصوبوں کی نگرانی خود کروں گا، وفاقی حکومت کے سولر منصوبے نے علاقے میں توانائی بحران کم کرنے میں کردار ادا کیا

گلگت (لارڈ میڈیا) مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان سی پیک کا مرکز ہے، خطے کی ترقی قومی ترقی کیلئے بھی ضروری ہے، یہاں ووٹ مانگنے نہیں مسائل کے حل کیلئے آیا ہوں، نئے شروع ہونیوالے منصوبوں کی نگرانی میں خود کروں گا، وفاقی حکومت کے سولر منصوبے نے علاقے میں توانائی بحران کم کرنے میں کردار ادا کیا ہے، وزیراعظم سے خنجراب پاس تک سڑکوں کے نیٹ ورک کی بہتری کے حوالے سے بات کروں گا، ووٹ ملے نہ ملے گلگت بلتستان میں سہولیات فراہم کروں گا۔ ذرائع کے مطابق منگل کو گلگت میں عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے لیگی قائد نواز شریف نے کہا کہ جلسے میں گلگت بلتستان کی عوام کو دیکھ کر خوشی ہوئی، مجھے گلگت بلتستان سے دلی محبت ہے، جب وزیر اعظم تھا تو کئی (بقیہ نمبر 37)

شوکت علی یوسفزئی پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات مقرر



پشاور (این این آئی) سابق صوبائی وزیر شوکت علی یوسفزئی کو پاکستان تحریک انصاف (بقیہ نمبر 6)

بیرسٹر گوہر کا بلا روک ٹوک انتخابی مہم کی اجازت دینے کا مطالبہ

اسکردو (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے گلگت بلتستان الیکشن میں (بقیہ نمبر 5)

محمود خان اچکزئی کیخلاف حکومت و ریاستی اداروں کیخلاف تقریر پر مقدمہ درج



کوئٹہ (این این آئی) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین (بقیہ نمبر 4)

سپریم کورٹ، ایمان مزاری سزا معطلی کیس میں حکم نامہ واپس لینے کی درخواست



اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کی سزا معطلی کے کیس میں (بقیہ نمبر 3)

ہمیں پتہ ہے یہ ڈرے ہوئے ہیں، ہمارا فوکس بانی پی ٹی آئی کی رہائی ہے، علیمہ خان

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا کہ حکمراں اتنے خوفزدہ ہیں (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سیکٹرل اصلاحات پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پاکستانی جوجٹسو اور ایم ایم اے کھلاڑیوں کی بین الاقوامی کامیابیوں پر حوصلہ افزائی

ایشین ایم ایم اے چیمپئن شپ میں سلور میڈل اور 2026 ایشین گیمز کے لیے کوالیفکیشن، حکومت کی مکمل سپورٹ کی یقین دہانی

لاہور (این این آئی) چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کھیلوں کے فروغ اور نوجوان ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی کے سلسلے میں اہم ملاقاتیں کیں، جن میں پاکستان کے جوجٹسو اور مکس مارشل آرٹس کھلاڑیوں کی بین الاقوامی کامیابیوں کو

سپریم کورٹ میں اے پی ایس شہداء لواحقین کو پیکیج نہ ملنے پر وفاقی حکومت سے جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے اے پی ایس شہداء لواحقین کو (بقیہ نمبر 8)

کیوں مجھے ملک سے نکالا گیا؟ قصور آپ کا بھی ہے، نواز شریف کا عوام سے شکوہ

چاہتا ہوں کہ گلگت بلتستان میں سیاحت کو فروغ دیا جائے، اس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف ایک روزہ دورے پر گلگت بلتستان پہنچ گئے جہاں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں شروع ہونے والے نئے منصوبوں کی خود نگرانی کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ چاہتا ہوں کہ گلگت بلتستان میں سیاحت کو فروغ دیا جائے، اس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، گلگت سی پیک کا مرکز ہے، پوچھنا چاہتا ہوں کہ (بقیہ نمبر 9)

پنجاب بھر میں کھلی فضاء میں ڈرون اڑانے پر دفعہ 144 کے تحت پابندی میں 30 روز کی توسیع

ہالز اور مارکیز کے اندر تقریبات کے دوران چھوٹے ڈرون کے محدود استعمال کی اجازت

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے صوبہ بھر میں کھلی فضاء میں ڈرون اڑانے پر دفعہ 144 کے تحت عائد پابندی میں 30 روز کی توسیع کر دی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق صوبہ بھر میں آؤٹ ڈور ڈرون اڑانے پر مکمل پابندی برقرار ہے۔ حکومت پنجاب نے سکیورٹی خدشات کے پیش نظر ڈرون کے استعمال پر پابندی عائد کی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے واضح کیا کہ (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: سابق وزیراعظم اور چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی اسلام آباد میں ایک ظہرانے کے دوران ایسٹونیا کی سابق وزیراعظم اور یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ کا جا کالاس سے مصافحہ کر رہے ہیں۔

معاشی ترقی کیلئے بیرونی سرمایہ کاری ناگزیر ہے، شہباز شریف

صنعت و حرفت کا فروغ اور

صنعتی مصنوعات کی ملکی پیداوار اضافے کے ساتھ ساتھ برآمدات بڑھانے کے لیے موثر پالیسی اقدامات حکومتی ترجیحات کا حصہ ہیں، صنعت و تجارت اور معیشت کے مختلف شعبہ جات میں اصلاحات کا مقصد طویل المدتی معاشی افادیت اور عوامی فلاح ہونا چاہئے

توانائی کی بچت اور سستی ٹرانسپورٹ کی ملکی ضروریات پوری کرنے کے لئے جامع اور موثر الیکٹرک وہیکلز پالیسی وقت کی اہم ضرورت ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت سرمایہ کاری میں اضافہ اور معیشت کی مجموعی ترقی کے لیئے شعبہ جاتی اصلاحات اور پالیسی اقدامات پر جائزہ اجلاس صدارت کرتے ہوئے کہا کہ ملکی معیشت کی پائیدار ترقی کے لئے صنعت و حرفت کا فروغ اور بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی مصنوعات کی ملکی پیداوار اضافے کے ساتھ ساتھ برآمدات بڑھانے کے لیے موثر پالیسی اقدامات حکومتی ترجیحات کا حصہ ہیں، صنعت و تجارت اور معیشت کے (بقیہ نمبر 38)

لاہور: صوبائی وزرائے صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر محکمہ صحت و آبادی میں انسداد ڈینگی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

مالی تنگی بھی باپ کی اپنے نابالغ بچے کے نان نفقہ کی ذمہ داری ختم نہیں کر سکتی، لاہور ہائیکورٹ

باپ پر اپنے نابالغ بچے کا نان نفقہ مستقل جاری رہنے والا الٰہی فریضہ ہے، قرآن و سنت کے احکامات کے تحت وہ اس ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہو سکتا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا ہے کہ مالی تنگی بھی باپ کی اپنے نابالغ بچے کے نان نفقہ کی ذمہ داری ختم نہیں کر سکتی، باپ پر اپنے نابالغ بچے کا نان نفقہ مستقل جاری رہنے والا الٰہی فریضہ ہے اور قرآن و سنت کے احکامات کے تحت وہ اس ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہو سکتا۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے 15 صفحات پر مشتمل تفصیلی تحریری فیصلہ جاری کیا۔ لاہور ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے میں کہا کہ عدالت کے مطابق (بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی میں فائرنگ سے دو افراد قتل، سی پی او کا نوٹس، ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ چکلالہ کے علاقے میں فائرنگ سے دو افراد کے جاں بحق ہونے کے واقعے پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے نوٹس لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق ابتدائی اطلاعات کے مطابق گھر میں فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد کو قتل کیا گیا۔ واقعے کو سابقہ (بقیہ نمبر 16)

فیصل کریم کنڈی کی وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء اللہ سے ملاقات

خیبر پختونخوا میں گندم کی ترسیل پر پابندی، امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء اللہ سے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری بھی ملاقات میں شریک تھے۔ ملاقات میں خیبر پختونخوا میں گندم کی ترسیل پر پابندی کے معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے گندم کی ترسیل کے مسئلے کے فوری حل کی درخواست کر دی۔ ملاقات میں خیبر پختونخوا کی امن و امان کی صورتحال بھی زیر غور (بقیہ نمبر 15)

لاہور: صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ مون سون کے حوالے سے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کی ہیٹگی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بجٹ کا بڑا حصہ قرضوں کی ادائیگی پر خرچ، ترقیاتی منصوبے متاثر ہو رہے ہیں، احسن اقبال

حکومت محدود وسائل کے باوجود قومی اہمیت کے حامل منصوبوں کی تکمیل کے لئے پرعزم ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ بجٹ کا بڑا حصہ قرضوں کی ادائیگی پر خرچ ہونے کے باعث ترقیاتی منصوبے متاثر ہو رہے ہیں تاہم حکومت محدود وسائل کے باوجود قومی اہمیت کے حامل منصوبوں کی تکمیل کے لئے پرعزم ہے۔ سالانہ پلان کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ آٹھ برسوں سے وفاقی (بقیہ نمبر 19)

راولپنڈی، تھانہ دھمیال پولیس کی کارروائی، ڈکیتی و چوری میں ملوث تین رکنی گینگ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث تین رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گرفتار ملزمان سے چھینی گئی رقم 22 ہزار 800 روپے، مسروقہ ڈیگ، سپیکر، تاریں اور دیگر سامان برآمد کر (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، 3 افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 3 افراد کو حراست میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سول لائنز، بکر سیداں اور صدر بیرونی کے علاقوں میں کارروائیوں کے دوران 10 لیٹر سے زائد شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا گیا۔ ڈویژنل ایس پیز کے مطابق منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری، 8 ملزمان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) وفاق دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس نے انسپکٹر جنرل کی خصوصی ہدایات پر مختلف کارروائیوں کے دوران 8 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار افراد میں (بقیہ نمبر 25)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی وزیر دفاع خواجہ آصف سے ملاقات

ڈی آئی خان کے پرانے ایئرپورٹ کو کمرشل فلائٹس آپریشن کیلئے بحال کرنے کے منصوبے پر گفتگو

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وزیر دفاع خواجہ آصف سے اسلام آباد میں ملاقات کی، گورنر خیبر پختونخوا نے اولڈ ڈیرہ ایئرپورٹ کے رن وے کے بقایا کام کی جلد تکمیل اور ضروری آلات کی فراہمی کے حوالہ سے انکی توجہ اور کردار کو انتہائی ضروری قرار دیا۔ ملاقات میں ڈیرہ اسماعیل خان کے پرانے ایئرپورٹ کو کمرشل فلائٹس آپریشن کے لیے بحال (بقیہ نمبر 20)

لاہور صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل، چیئرمین پی سی ایم اے ہارون علی خان اور دیگر کے ہمراہ ایکسپو سنٹر میں پاکستان کیمیکل ایکسپو کے انعقاد بارے پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت اجلاس، مختلف شعبہ جات کی کارکردگی اور عوامی سہولت سے متعلق امور پر بھی غور

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کی درخواستوں کو مقررہ ٹائم فریم میں نمٹا کر رپورٹ سنٹرل پولیس آفس بھجوانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ضلع بھر کے اہم انتظامی امور، پولیس افسران و جوانوں کی فلاح و بہبود اور تھانہ جات و پولیس دفاتر میں شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے پیشہ ورانہ امور اور انتظامی بہتری کے حوالے سے افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا، (بقیہ نمبر 26)

سیدھا ہو متنوا اور تنخواہ دار طبقہ پس رہا ہے حکومت بجٹ میں سہولیات دے، حافظ نعیم الرحمن

ایک لاکھ پچیس ہزار پر انکم ٹیکس ختم، اس سے زیادہ تنخواہ پر موجودہ شرح سے نصف کیا جائے، امیر جماعت اسلامی پاکستان

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ آئندہ بجٹ میں تنخواہ دار اور مڈل کلاس طبقے کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے اور ان پر عائد بھاری ٹیکسوں میں نمایاں کمی کی جائے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ حکومت نے متوسط اور تنخواہ دار طبقے سے 605 ارب روپے انکم ٹیکس وصول کیا ہے، جبکہ یہی طبقہ اس وقت شدید معاشی (بقیہ نمبر 27)

بھارت کے ساتھ جو پچھلی بار ہوا شاید ان کی تسلی نہیں ہوئی، خواجہ آصف

بھارت نے پچھلی بار غلطی کر کے اپنی مانگ کا سندور اجاڑا تھا، وہ آج تک حالیہ جنگ میں ناکامی کی ذلت اٹھا رہے ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بھارت کے ساتھ جو پچھلی بار ہوا، شاید ان کی تسلی نہیں ہوئی ہے۔ بھارتی آرمی چیف کے بیان پر ردعمل میں خواجہ آصف نے کہا کہ بھارت نے پچھلی بار غلطی کر کے اپنی مانگ کا سندور اجاڑا تھا، وہ آج تک حالیہ جنگ میں ناکامی کی ذلت اٹھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت افغانستان کے ذریعے پراکسی جنگ لڑ رہا ہے، اس میں بھی جو حالات ہیں، بھارت (بقیہ نمبر 28)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کو ڈی جی لاہٹا اپنی چھت اپنا گھر پروگرام بارے بریفنگ دے رہے ہیں۔

گھوٹکی، کچے کے علاقے میں حاملہ خاتون قتل، شوہر سمیت 8 افراد کیخلاف مقدمہ درج

گھوٹکی (این این آئی) سندھ میں گھوٹکی کے کچے کے علاقے میں حاملہ خاتون کو قتل کر دیا گیا جس کا مقدمہ شوہر سمیت 8 افراد کے خلاف درج کر لیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمہ سرکار کی مدعیت میں 8 افراد کے خلاف درج کیا گیا ہے، ایف آئی آر کے متن کے مطابق خاتون کو فائرنگ کر کے قتل کیا گیا۔ پولیس نے بتایا کہ اہل محلہ (بقیہ نمبر 29)

پولیس اہلکاروں، خواجہ سراؤں کیخلاف شہری کو لوٹنے، تشدد کا نشانہ بنانے کے الزام میں مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقے کوٹ لکھپت میں پولیس اہلکاروں اور خواجہ سراؤں کے خلاف شہری کو مبینہ طور پر لوٹنے اور تشدد کا نشانہ بنانے کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق قصور کے رہائشی بلال احمد نے الزام عائد کیا ہے کہ اسے خواجہ سراء ماہی، خوشی اور کشمالہ نے ٹریپ کر کے ایک کوارٹر میں لے جا کر تشدد کا نشانہ بنایا اور بعد ازاں (بقیہ نمبر 30)

ٹیکس چوروں کے خلاف پی آر اے کا بڑا کریک ڈاؤن، بھاری جرمانے عائد

انفورسمنٹ افسران نے متعدد پوائنٹس کو چیک کیا، خلاف ورزیوں پر بھاری جرمانے، نوٹسز جاری کیے

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے سیلز ٹیکس رجسٹریشن نہ کروانے اور ٹیکس ادائیگی سے گریز کرنے والے افراد و کاروباری مراکز کے خلاف صوبہ بھر میں کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ ترجمان کے مطابق انفورسمنٹ افسران نے مختلف شہروں میں کریک ڈاؤن کرتے ہوئے متعدد پوائنٹس کو چیک کیا اور خلاف ورزیوں پر بھاری جرمانے عائد کرنے کے ساتھ نوٹسز بھی جاری کیے۔ کارروائیوں کے دوران ایسے کاروباری مراکز کو نشانہ بنایا گیا جو رجسٹریشن (بقیہ نمبر 31)

دعا گو ہیں جنگ کے خاتمے کیلئے فیلڈ مارشل کی کوششیں کامیاب ہوں، بلاول بھٹو

ایران میں خامنہ ای کو شہید کیا گیا، ان حالات میں یہاں انتخابی مہم چلانا مناسب نہیں سمجھا، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسکردو (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ دعا گو ہیں کہ جنگ کے خاتمے کیلئے فیلڈ مارشل کی کوششیں کامیاب ہوں، ایران میں خامنہ ای کو شہید کیا گیا، ان حالات میں یہاں انتخابی مہم چلانا مناسب نہیں سمجھا۔ جلسے سے خطاب میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پچھلے الیکشن میں گلگت بلتستان کا دورہ کیا، جی بی کے اضلاع میں جتنا میں آیا ہوں اتنا کوئی اور سیاستدان نہیں آیا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 32)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئی ماسٹر پلان سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

سید یوسف رضا گیلانی کی ایسٹونیا کی پہلی خاتون وزیراعظم اور یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ کا جا کالاس سے غیر رسمی ملاقات

دونوں فریقوں کے درمیان اعلیٰ سطح کے روابط مستقبل میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر اعظم پاکستان اور چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی نے یورپی یونین کی خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ اور یورپی کمیشن کی نائب صدر، محترمہ کا جا کالاس سے غیر رسمی ملاقات کی۔ یہ ملاقات نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر (بقیہ نمبر 12)

بلدیاتی انتخابات، لاہور میں حلقہ بندیوں کی ابتدائی فہرست جاری، 433 یونین کونسلز تشکیل

لاہور (این این آئی) بلدیاتی الیکشن کے لیے لاہور میں حلقہ بندیوں کی ابتدائی فہرست جاری کر دی گئی۔ لاہور میں مجموعی طور (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز کی زیر صدارت اجلاس

موجودہ انفراسٹرکچر کی اپ گریڈیشن اور دفتری و آپریشنل استعداد کار میں اضافے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی انسپکٹر جنرل ہیڈکوارٹرز محمد عتیق طاہر نے اسلام آباد پولیس کے ترقیاتی منصوبوں، انفراسٹرکچر اپ گریڈیشن اور ویلفیئر اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں اے آئی جی جنرل سید عنایت علی شاہ، ایس ایس پی ماڈل پرزنز علی اکبر اور ایس ایس پی سی ٹی ڈی سعود خان سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پولیس کے جاری ترقیاتی منصوبوں، نئی عمارتوں (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز

گھروں کی تلاشی لی گئی، 32 ہوٹلز، 138 دکانوں، 550 موٹر سائیکلوں اور 153 گاڑیوں کو بھی چیک کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کی جانب سے وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے اور جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنے کے لیے مختلف علاقوں میں (بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: مسلم لیگ ن کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر دانیال عزیز نیشنل پریس کلب میں آزاد جموں و کشمیر انتخابات کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

پنجاب پولیس کے خدمت مراکز شہریوں کو ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی میں مصروف عمل

رواں سال 18 لاکھ 91 ہزار سے زائد شہریوں نے خدمت مراکز سے سروسز حاصل کیں

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کے خدمت مراکز شہریوں کو جدید اور ڈیجیٹل سہولیات کی فراہمی میں مصروف عمل ہیں۔ رواں سال اب تک 18 لاکھ 91 ہزار سے زائد شہریوں نے پولیس خدمت مراکز سے مختلف سروسز حاصل کیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ 7 لاکھ 14 ہزار سے زائد شہریوں نے جنرل پولیس ویریفیکیشن کروائی جبکہ 3 لاکھ 72 ہزار سے زائد شہریوں کو پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ جاری کیے گئے۔ اسی طرح 4 لاکھ 48 ہزار سے (بقیہ نمبر 22)

ایئرپورٹ سے مبینہ اغوا ہونیوالی سوئس خاتون بازیاب، ملزمان گرفتار

صوفیہ ماریہ ملر امریکہ سے ترکش ایئرلائن کے ذریعے لاہور پہنچی تھیں

لاہور (این این آئی) ایئرپورٹ سے مبینہ طور پر اغواء ہونے والی سوئس نیشنل خاتون صوفیہ ماریہ ملر کو بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا جبکہ واقعے میں ملوث ملزمان کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق صوفیہ ماریہ ملر امریکہ سے ترکش ایئرلائن کے ذریعے لاہور پہنچی تھیں جس کے بعد ان کے لاپتہ ہونے کا معاملہ سامنے آیا تھا۔ خاتون کے نیپالی شوہر کی درخواست پر تھانہ سرور روڈ (بقیہ نمبر 24)

ایل پی جی کی قیمت میں اضافہ کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) مشرق وسطی میں جاری کشیدگی کے توانائی شعبے پر منفی اثرات جاری ہیں، ایل پی جی کی قیمت میں بھی بڑا اضافہ کر دیا گیا۔ اوگرا نے ایل پی جی گیس کی قیمت میں 95.4 روپے فی کلو (بقیہ نمبر 23)

لاہور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ٹاؤن ہال میں کھلی کچہری کے دوران پولیس افسران سائلین کے مسائل سن رہے ہیں۔

ساہیوال، عدالت کو دھوکہ دینے کا معاملہ

چیک چوری کرنے، جھوٹا بیان حلفی داخل کرانے پر خاتون جعلی وکیل گرفتار

ساہیوال (این این آئی) عدالت کو دھوکہ دے کر چیک چوری کرنے اور جھوٹا بیان حلفی داخل کرانے پر جعلی وکیل خاتون کو گرفتار کر لیا۔ ضلع کچہری میں ڈی ایس پی سرکل نے جب میں ریکارڈ سے اصل چیک علی بہا در ملزم نے نقل فارم دے کر اصل چیک خود کو وکیل بن کر چوری کر لیا۔ ضلع کچہری میں مقدمہ نمبر 336 سال 2024 کے عدالت دو پارٹیوں کو 28 جولائی 2025 (بقیہ نمبر 33)

بنوں میں نامعلوم افراد کی فائرنگ، چیئرمین سردی خیل محمد زالی شہید، بیٹا زخمی

بنوں (این این آئی) بنوں میں فائرنگ کے واقعہ میں چیئرمین سردی خیل محمد زالی شہید اور بیٹا زخمی ہو گیا، چیئرمین محمد زالی کا جسد خاکی اور ان کے زخمی بیٹے کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال بنوں منتقل کر دیا گیا۔ دوسری جانب پولیس نے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد میں مارگلہ کی پہاڑیوں پر خوفناک آگ بھڑک اٹھی

اسلام آباد (این این آئی) وفاق دارالحکومت میں مارگلہ کی پہاڑیوں کے دو مختلف مقامات پر اچانک آگ بھڑک اٹھی ہے (بقیہ نمبر 35)

پنجاب پولیس کے لاہور سمیت صوبہ بھر میں انٹیلی جنس بیسڈ، کومبنگ آپریشنز جاری

رواں سال کے دوران 152 انٹیلی جنس بیسڈ اور 77 ہزار 501 کومبنگ آپریشنز، لاکھوں افراد سے پوچھ گچھ

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کے لاہور سمیت صوبہ بھر میں امن و امان کی صورتحال کو مزید مثر بنانے کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ اور کومبنگ آپریشنز مسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ رواں سال کے دوران لاہور (بقیہ نمبر 36)

سپورٹس ڈیسک

گلین میکسویل ون ڈے سے ریٹائرمگر وکٹوریہ کی طرف سے کھیلیں گے

کرکٹ آسٹریلیا کا کنٹریکٹ ختم ہونے کے بعد ریاست کوئینز لینڈ میں رہائش کے باوجود وکٹوریہ کے لیے اپنی دستیابی کا اعلان

میلبورن (این این آئی) آسٹریلیا کے مایہ ناز آل راؤنڈر گلین میکسویل نے ون ڈے انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ اور سٹیٹ کنٹریکٹ نہ ہونے کے باوجود وکٹوریہ کی جانب سے 50 اوورز کی کرکٹ کھیلنے پر آمادگی ظاہر کر دی ہے۔ای ایس پی این کے مطابق گلین میکسویل کی طرح میتھیو شارٹ بھی کرکٹ آسٹریلیا کا کنٹریکٹ ختم ہونے کے بعد ریاست کوئینز لینڈ میں رہائش کے باوجود وکٹوریہ کے لیے اپنی دستیابی برقرار رکھیں گے۔گلین میکسویل جو رواں سال اکتوبر میں 38 برس کے ہو جائیں گے، 2025 کی چیمپئنز ٹرافی کے بعد ون ڈے کرکٹ کو خیر باد کہہ چکے ہیں، تاہم وہ اپنی فٹنس اور فارم کو برقرار رکھنے کے لئے وکٹوریہ کی جانب سے ون ڈے کپ کھیلنے کے خواہش مند ہیں۔ گزشتہ سال بھی انہوں نے ریٹائرمنٹ کے بعد وکٹوریہ کیلئے 2 میچ کھیلے تھے جس میں ایک شاندار سنچری بھی شامل تھی۔گلین میکسویل کا ہدف اب صرف ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ ہے اور وہ خود کو انٹرنیشنل کرکٹ کے لئے تیار رکھنا چاہتے ہیں۔دوسری جانب میتھیو شارٹ نے غیر ملکی فرنچائز لیگز میں شرکت اور شیڈول کی آزادی کے پیش نظر سٹیٹ کنٹریکٹ نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے، جس سے انہیں این او سی کے حصول میں آسانی رہے گی۔وکٹوریہ کرکٹ نے سیزن 27-2026 کے لئے اپنے سکواڈ کا اعلان بھی کر دیا ہے جس میں کئی نوجوان کھلاڑیوں کو شامل کیا گیا ہے جبکہ پیٹر ہینڈز کومب، مارکس ہیرس اور سکاٹ بولینڈ جیسے تجربہ کار کھلاڑی سکواڈ کا حصہ ہیں۔وکٹوریہ کرکٹ نے سیزن 27-2026 کے لئے اپنے سکواڈ کا اعلان بھی کر دیا ہے جس میں کئی نوجوان کھلاڑیوں کو شامل کیا گیا ہے جبکہ پیٹر ہینڈز کومب، مارکس ہیرس اور سکاٹ بولینڈ جیسے تجربہ کار کھلاڑی سکواڈ کا حصہ ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

سڈنی، فٹبال لیگ میچ کے دوان کھلاڑی ایک دوسرے بال چھین رہے ہیں

آئی سی سی نے سالانہ درجہ بندی کی فہرست جاری کردی

مردوں میں بھارت اور خواتین میں آسٹریلیا نے بدستور پہلی پوزیشن برقرار

لاہور (سپورٹس نیوز) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی جانب سے سالانہ درجہ بندی کی فہرست جاری کر دی گئی جس کے مطابق مردوں میں بھارت اور خواتین میں آسٹریلیا نے بدستور پہلی پوزیشن برقرار رکھی ہے۔نئی درجہ بندی میں مئی 2025 کے بعد کھیلے گئے مقابلوں کو مکمل اہمیت دی گئی ہے جبکہ اس سے پہلے کے دو برس کے مقابلوں کو نصف اہمیت دی گئی ہے۔مردوں کی فہرست میں بھارت 275 پوائنٹس کے ساتھ سرفہرست ہے تاہم انگلینڈ کے ساتھ اس کا فرق کم ہو کر 13 پوائنٹس رہ گیا ہے۔انگلینڈ 262 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے اور آسٹریلیا 258 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ابتدائی سات ٹیموں کی پوزیشن میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، جن میں نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ، پاکستان اور ویسٹ انڈیز شامل ہیں۔دیگر تبدیلیوں میں سری لنکا چھ پوائنٹس کی کمی کے بعد نویں نمبر پر چلی گئی ہے جبکہ بنگلہ دیش اس سے آگے نکل گیا ہے۔امریکہ نے نمایاں بہتری دکھاتے ہوئے 13ویں پوزیشن حاصل کی جبکہ نیپال اور اٹلی نے بھی درجہ بندی میں ترقی کی۔اس کے علاوہ اسپین، قبرص اور ایسواتینی نے بھی اپنی پوزیشن بہتر بنائی جبکہ موزمبیق کو سب سے زیادہ نقصان اٹھانا پڑا اور وہ 15 درجے نیچے چلا گیا۔خواتین کی درجہ بندی میں آسٹریلیا 287 پوائنٹس کے ساتھ پہلے نمبر پر ہے جبکہ انگلینڈ 275 اور بھارت 264 پوائنٹس کے ساتھ بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر ہیں۔نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ اور ویسٹ انڈیز چوتھے سے چھٹے نمبر پر موجود ہیں جبکہ سری لنکا ساتویں نمبر پر رہتے ہوئے چھٹی ٹیم کے قریب پہنچ گئی ہے۔دیگر نمایاں تبدیلیوں میں امریکہ نے 22ویں سے 20ویں اور جرمنی نے 35ویں سے 29ویں پوزیشن حاصل کی۔نئی درجہ بندی کے بعد خواتین کی فہرست میں 78 ٹیمیں شامل ہیں جبکہ کم مقابلے کھیلنے کے باعث کچھ ٹیمیں فہرست سے باہر ہوگئی ہیں۔

☆☆☆☆☆

بابر اعظم کو دوبارہ کپتان نہیں بنانا چاہیے، احمد شہزاد

آپ پانچ سال کی ناکامی کو ایک ٹورنامنٹ کی کامیابی سے کیسے بدل سکتے ہیں، انٹرویو

کراچی (این این آئی) پاکستان کے اوپنر بیٹر احمد شہزاد نے کہا ہے کہ بابر اعظم کو دوبارہ کپتان نہیں بنانا چاہیے۔نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے احمد شہزاد نے کہا کہ ایک ٹورنامنٹ کے 8 میچوں میں اچھی کپتانی ہوگئی یا ٹیم جیت گئی تو اس کا مطلب ہے کہ کپتان بالکل بدل گیا ہے، پہلے پانچ سال ٹیم کی کپتانی کس کے پاس تھی۔انہوں نے کہا کہ آپ پانچ سال کی ناکامی کو ایک ٹورنامنٹ کی کامیابی سے کیسے بدل سکتے ہیں۔احمد شہزاد نے کہا کہ بابر اعظم بہت زبردست کھیل رہے ہیں انہیں چاہیے کہ اپنی بیٹنگ پر توجہ دیں اور پاکستان کے لیے ڈھیروں رنز کر کے میچز جتوائیں، ان کے اور ملک کے لیے یہی بہتر ہے۔انہوں نے کہا کہ بابر کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ان کی ٹیسٹ میں پرفارمنس نہیں ہے، 24 سے 25 اننگز میں صرف دو نصف سنچریاں ہیں۔بہت زبردست کھیل رہے ہیں انہیں چاہیے کہ اپنی بیٹنگ پر توجہ دیں اور پاکستان کے لیے ڈھیروں رنز کر کے میچز جتوائیں، ان کے اور ملک کے لیے یہی بہتر ہے۔انہوں نے کہا کہ بابر کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ان کی ٹیسٹ میں پرفارمنس نہیں ہے، 24 سے 25 اننگز میں صرف دو نصف سنچریاں ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

انگلینڈ کے فاسٹ باؤلر اولی روبنسن کے ٹیسٹ ٹیم میں واپسی کیلئے رابطے

ہیڈ کوچ برینڈن میکولم اور مینجنگ ڈائریکٹر راب کی سے رابطے تیز کر دیئے ، دوبارہ شمولیت کے امکانات بڑھ گئے

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے فاسٹ باؤلر اولی روبنسن نے ٹیسٹ ٹیم میں ممکنہ واپسی کے لئے ہیڈ کوچ برینڈن میکولم اور مینجنگ ڈائریکٹر راب کی سے رابطے تیز کر دیئے ہیں جس کے بعد ان کی قومی ٹیم میں دوبارہ شمولیت کے امکانات بڑھ گئے ہیں۔برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق 32 سالہ اولی روبنسن نے جون 2021 سے فروری 2024 کے درمیان 20 ٹیسٹ میچز میں شرکت کرتے ہوئے 76 وکٹیں حاصل کیں، تاہم فٹنس مسائل، خصوصاً کمر کی تکلیف، ان کے کیریئر میں بڑی رکاوٹ بنی۔آسٹریلیا اور بھارت کے خلاف سیریز کے دوران انجری کے باعث ان کی کارکردگی متاثر رہی جبکہ بعد ازاں ٹیم مینجمنٹ کے ساتھ تعلقات میں بھی کشیدگی پیدا ہوگئی تھی۔اکتوبر 2024 میں مرکزی معاہدہ ختم ہونے کے بعد اولی روبنسن قومی ٹیم سے باہر ہو گئے تھے، تاہم انہوں نے ڈومیسٹک کرکٹ میں عمدہ کارکردگی کے ذریعے دوبارہ توجہ حاصل کی ہے۔سسیکس کی نمائندگی کرتے ہوئے انہوں نے گزشتہ سیزن میں 10 میچز میں 39 وکٹیں حاصل کیں جبکہ رواں سیزن میں بھی وہ 11 وکٹیں لے چکے ہیں اور ایک ناقابلِ شکست سنچری بھی سکور کی ہے۔اولی روبنسن کا کہنا ہے کہ سیزن کے آغاز میں کوچ کی جانب سے انہیں پیغام ملا کہ ٹیم کے دروازے اب بھی کھلے ہیں جبکہ مینجنگ ڈائریکٹر راب کی نے بھی بہتر کارکردگی جاری رکھنے کی تلقین کی۔ان کے مطابق یہ حوصلہ افزائی ان کی کارکردگی میں بہتری کا باعث بنی ہے۔انگلینڈ ٹیم کا اعلان مئی کے وسط میں متوقع ہے، جب نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز کے لئے سکواڈ کا انتخاب کیا جائے گا۔باؤلنگ لائن میں متعدد کھلاڑیوں کی عدم دستیابی اور انجریز کے باعث نئے مواقع پیدا ہو گئے ہیں، جس سے رابنسن کی واپسی کے امکانات مزید مضبوط ہو گئے ہیں۔اولی روبنسن نے اپنے بیان میں کہا کہ اب ان کی پوری توجہ کرکٹ پر مرکوز ہے اور وہ پہلے سے زیادہ تیار اور پختہ کھلاڑی بن چکے ہیں۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ اگر موقع ملا تو وہ اپنی کارکردگی سے ٹیم کی توقعات پر پورا اتریں گے۔

مولانا ادریس ترنگزئی، علم وتقویٰ کا یہ ستارہ ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، شاہد آفریدی

سابق قومی کپتان کا مولانا محمد ادریس کی شہادت پر شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے مولانا محمد ادریس ترنگزئی کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔سماجی رابطوں کی ویب سائٹ پر جاری بیان میں شاہد آفریدی نے لکھا کہ ممتاز عالم دین، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس ترنگزئی صاحب کی بزدلانہ قاتلانہ حملے میں شہادت کی خبر پر دل انتہائی رنجیدہ کر ہے۔شاہد آفریدی نے کہا کہ علم وتقویٰ کا یہ ستارہ ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔اُمید ہے قاتلوں کو جلد بے نقاب کیا جائے گا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

امریکا میں فیفا ورلڈ کپ کیلئے جوش وخروش پیدا نہیں ہوسکا

بکنگ اندازوں سے کم، ہوٹل مالکان نے فٹبال ورلڈ کپ کو نان ایونٹ قرار دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں 11 جون سے شروع ہونے والے فٹبال ورلڈ کپ کیلئے اب تک کوئی جوش و خروش پیدا نہیں ہو سکا۔امریکی میڈیا کے مطابق امریکا میں فٹبال ورلڈ کپ کے میچ 11 شہروں میں ہوں گے۔ تقریباً 80 فیصد ہوٹل مالکان نے کہا کہ بکنگ اندازوں سے کم ہے۔کچھ ہوٹل مالکان نے فٹبال ورلڈ کپ کو نان ایونٹ قرار دیا ہے۔ورلڈ کپ کے میچ 11 شہروں میں ہوں گے۔تقریباً 80 فیصد ہوٹل مالکان نے کہا کہ بکنگ اندازوں سے کم ہے۔کچھ ہوٹل مالکان نے فٹبال ورلڈ کپ کو نان ایونٹ قرار دیا ہے۔

ایشین ہاکی فیڈریشن کا انڈر 18 ایشیا کپ ہاکی کا شیڈول جاری

ٹورنامنٹ 29 مئی سے 6 جون تک کا کامیگا ہارا، جاپان میں ہوگا، پاکستان کا پہلا ٹاکراچین سے ہوگا

ٹوکیو (این این آئی) ایشین ہاکی فیڈریشن نے مینز انڈر 18 ایشیا کپ ہاکی 2026 کے باضابطہ شیڈول کی منظوری دے دی۔ٹورنامنٹ 29 مئی سے 6 جون 2026 تک کا کامیگا ہارا، جاپان میں کھیلا جائے گا، جس میں ایشیا کی بہترین ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لیے مدِ مقابل ہوں گی۔ایونٹ میں ٹیموں کو دو گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے، پول اے میں بھارت، کوریا، میزبان جاپان، چائنیز تائپے اور قازقستان شامل ہیں، جبکہ پول بی میں پاکستان، ملائیشیا، بنگلہ دیش اور چین کو رکھا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

شوبز ڈیسک

بھارت میں کام کے دوران اردو الفاظ استعمال کرنے پر مشکلات کا سامنا رہا: عمران عباس

بھارتی اداکار اردو کے حرف خ کو مختلف انداز میں ادا کرتے ہیں، وہ لفظ کے کی جگہ کی بولتے ہیں، جو ہندی کے اثر کی وجہ سے ہے

معروف پاکستانی اداکار عمران عباس نے بھارت میں کام کے دوران اردو زبان کے مختلف لہجوں کی وجہ سے پیش آنے والی مشکلات سے متعلق دلچسپ انکشاف کیا ہے۔حال ہی میں ایک موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عمران عباس نے بتایا کہ بھارت میں اردو کے تلفظ میں فرق کے باعث مجھے کئی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا۔انہوں نے کہا کہ بھارتی اداکار اردو کے حرف خ کو مختلف انداز میں ادا کرتے ہیں، وہ لفظ کے کی جگہ کی بولتے ہیں، جو ہندی کے اثر کی وجہ سے ہے، جب میں نے جاثار میں پپاشا باسو کے ساتھ کام کیا تو مجھ سے کہا گیا کہ میں کے کے بجائے کی بولوں، لیکن میں نے اپنا اصل تلفظ برقرار رکھا، جس پر بحث بھی ہوئی۔عمران عباس نے بتایا کہ فلم اے دل ہے مشکل کی شوٹنگ کے دوران بھی مجھے اسی نوعیت کے مسائل کا سامنا رہا، جہاں انوشکا شرما کے ساتھ کام کرتے ہوئے بعض الفاظ کے تلفظ میں اختلاف سامنے آیا۔انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ لفظ بیوقوف کو میں بیوقوف ادا کرتا تھا جبکہ بھارتی فنکار اسے بیوخوف کہتے تھے۔ادا کار کا کہنا ہے کہ یہ معمولی فرق دراصل مختلف خطوں کی لسانی تنوع کی عکاسی کرتا ہے اور اسے سراہا جانا چاہیے۔معروف پاکستانی اداکار عمران عباس نے بھارت میں کام کے دوران اردو زبان کے مختلف لہجوں کی وجہ سے پیش آنے والی مشکلات سے متعلق دلچسپ انکشاف کیا ہے۔حال ہی میں ایک موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عمران عباس نے بتایا کہ بھارت میں اردو کے تلفظ میں فرق کے باعث مجھے کئی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا۔انہوں نے کہا کہ بھارتی اداکار اردو کے حرف خ کو مختلف انداز میں ادا کرتے ہیں، وہ لفظ کے کی جگہ کی بولتے ہیں، جو ہندی کے اثر کی وجہ سے ہے، جب میں نے جاثار میں پپاشا باسو کے ساتھ کام کیا تو

عرفان خان کی گمشدہ فلم انتقال کے چھ سال بعد ریلیز، مداح حیران

عرفان خان اور ودیا بالن کی غیر ریلیز شدہ فلم دی لاسٹ ٹیسٹ یوٹیوب پر جاری کردی گئی

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی سینما کے لیجنڈری اداکار عرفان خان کی ایک نایاب اور طویل عرصے سے غائب فلم بالآخر ان کے انتقال کے چھ سال بعد مداحوں کے لیے جاری کر دی گئی، جس نے شائقین کو حیرت اور جذبات میں مبتلا کر دیا۔بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق عرفان خان کی چھٹی برسی کے موقع پر ان کی اور ودیا بالن کی پرانی، غیر ریلیز شدہ فلم دی لاسٹ ٹیسٹ کو یوٹیوب پر پیش کیا گیا ہے۔یہ فلم تقریباً 25 برس تک منظر عام سے دور رہی اور اب پہلی بار ناظرین کو دیکھنے کا موقع ملا ہے۔فلم کو ریلیز ہوتے ہی غیر معمولی توجہ حاصل ہوئی، جہاں صرف تین دنوں میں اسے دو لاکھ سے زائد مرتبہ دیکھا گیا، جو ناظرین کے تجسس اور دلچسپی کا واضح ثبوت ہے۔دی لاسٹ ٹیسٹ 2000 میں محدود وسائل کے ساتھ تیار کی گئی تھی۔اس کی ہدایت کاری اور تحریر سارتھک داس گپتا نے کی، جبکہ پروڈکشن نینا اور سارتھک داس گپتا نے مشترکہ طور پر سنبھالی۔یہ فلم کئی حوالوں سے منفرد اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ اس میں عرفان خان اور ودیا بالن اپنے کیریئر کے ابتدائی دور میں دکھائی دیتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ اسے بھارتی فلمی تاریخ کی ایک نایاب دستاویز قرار دیا جا رہا ہے۔دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ دونوں اداکاروں کا واحد مشترکہ اسکرین پروجیکٹ بھی ہے، جبکہ ودیا بالن کے ابتدائی ترین کاموں میں بھی اس فلم کو خاص مقام حاصل ہے

نمرہ خان نے نکاح کی تصاویر شیئر کردیں، دلہے کا چہرہ سامنے آگیا

نمرہ خان نے شادی کی تصاویر میں دلہا کا چہرہ چھپائے رکھا تھا جس کے بعد مداحوں میں تجسس تھا کہ دلہا کون ہے؟

پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ نمرہ خان نے گزشتہ دنوں اپنی دوسری شادی کی اطلاع دی تھی، لیکن دلہا کا چہرہ ظاہر نہیں کیا تھا، جس کی وجہ سے مداحوں میں تجسس تھا۔لیکن اب نمرہ خان نے انسٹاگرام پر اپنے نکاح کی تصاویر شیئر کی ہیں، جس میں دلہے کا چہرہ میں دیکھا جاسکتا ہے۔اداکارہ نے لندن میں اپنی شادی کی تصاویر شیئر کرتے ہوئے مداحوں کو اپنی دوسری شادی کی اطلاع دی تھی۔ایفل ٹاور کے سامنے لی گئی تصاویر کے ساتھ نمرہ خان نے اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اس نئے رشتے کو اللہ کی رحمت قرار دیا۔ان کی پوسٹ سامنے آتے ہی مداحوں، ساتھی فنکاروں اور شوبز شخصیات نے نیک تمناں کا اظہار کیا۔لیکن مداحوں کو تجسس تھا کہ نمرہ خان کا دلہا کون ہے؟ اب نمرہ خان نے اس راز سے پردہ اٹھاتے ہوئے نکاح کی تصاویر شیئر کی ہیں۔اور اپنے نکاح کیلیے اللہ کا شکر ادا کیا ہے۔مداحوں نے اداکارہ کو مبارک باد دیتے ہوئے جوڑی کی تعریف کی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

صبا قمر پاکستان کی مائیکل جیکسن ہیں، نمرہ شاھد

میں مائیکل جیکسن کی بہت بڑی فین ہوں، کنگ آف پاپ پر بننے والی بائیوپک دیکھ کر رو پڑی تھی، اداکارہ

کراچی (شوبز نیوز) اداکارہ نمرہ شاہد نے کہا ہے کہ مجھے لگتا ہے جس طرح صبا قمر معیاری کام کر رہی ہیں اس طرح کا کام شاید ہی کوئی کرسکتا ہے، وہ پاکستان کی مائیکل جیکسن ہیں۔تفصیلات کے مطابق ان دنوں دنیا بھر میں ریلیز ہونے والی بائیوپک مائیکل خبروں میں ہے جس میں کنگ آف پاپ مائیکل جیکسن کی زندگی کے نشیب و فراز کو عکس بند کیا گیا ہے۔شہرت یافتہ فنکار مائیکل جیکسن کے پاکستان میں بھی فین کم نہیں، ایسی ہی ان کی ایک فین اداکارہ نمرہ شاہد بھی ہیں۔حال ہی میں اختتام پذیر ہونے والے ڈرامے ایک اور پاکیزہ میں نور بھری کا کردار کرنے والی اداکارہ نمرہ شاہد نے ایک انٹرویو میں فلم کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ مائیکل جیکسن کی بہت بڑی فین ہیں، کنگ آف پاپ پر بننے والی بائیوپک دیکھ کر رو پڑی تھیں۔نمرہ نے مائیکل کے بھتیجے جعفر جیکسن کی بھی تعریف کی اور کہا کہ جعفر جیکسن نے خوبصورتی سے کردار نبھایا، انہیں بھی 2 سال لگے مائیکل جیکسن بننے میں، یہ ہوتا ہے فنکار صرف وہی یہ کردار نبھا سکتے تھے۔اس پر اداکارہ سے سوال کیا گیا کہ کیا وہ کسی فنکار کی بائیوپک کرنا پسند کریں گی؟ نمرہ نے کہا کہ وہ اداکارہ صبا قمر کی بائیوپک کرنے کی خواہشمند ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں صبا قمر کی بائیوپک کرنا چاہوں گی وہ نا صرف ایک خوبصورت اداکارہ ہیں بلکہ ایک کمال فنکار ہیں، مجھے لگتا ہے جس طرح وہ معیاری کام کر رہی ہیں اس طرح کا کام شاید ہی کوئی کرسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ صبا جیسا فنکار ہمارے پاس ہے ہی نہیں وہ پاکستان کی مائیکل جیکسن ہیں۔ نمرہ نے کہا کہ وہ اداکارہ صبا قمر کی بائیوپک کرنے کی خواہشمند ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں صبا قمر کی بائیوپک کرنا چاہوں گی وہ نا صرف ایک خوبصورت اداکارہ ہیں بلکہ ایک کمال فنکار ہیں، مجھے لگتا ہے جس طرح وہ معیاری کام کر رہی ہیں اس طرح کا کام شاید ہی کوئی کرسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ صبا جیسا فنکار ہمارے پاس ہے ہی نہیں وہ پاکستان کی مائیکل جیکسن ہیں۔

پریتی زنٹا کی فلم ''لاہور 1947 سائن'' 13 اگست کو ریلیز ہو گی

کوئی بھی عورت ٹرافی نہیں بننا چاہتی، ٹرافیاں شیشے کے شوکیس میں رکھی جاتی ہیں، جبکہ عورت کا مقام آپ کی زندگی اور دل میں ہوتا ہے، اداکارہ

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ پریتی زنٹا نے سوشل میڈیا پر خود کو ٹرافی کہے جانے پر سخت ردِعمل دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ کسی بھی عورت کو اس طرح کا لیبل دینا قابلِ قبول نہیں۔پریتی زنٹا نے اپنے ایکس اکاؤنٹ (ٹوئٹر) پر جاری چیٹ سیشن کے دوران ایک صارف کے تبصرے کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی عورت ٹرافی نہیں بننا چاہتی، ٹرافیاں شیشے کے شوکیس میں رکھی جاتی ہیں، جبکہ عورت کا مقام آپ کی زندگی اور دل میں ہوتا ہے۔ان کے اس جواب کو سوشل میڈیا پر کافی پزیرائی ملی اور صارفین نے ان کے واضح اور باوقار موقف کو سراہا ہے۔اداکارہ کل ہو نا ہو اور ویرزارا جیسی کامیاب فلموں کے لیے جانی جاتی ہیں، انہوں نے اپنے چیٹ سیشن میں اپنی آنے والی فلموں سے متعلق بھی بات کی۔انہوں نے بتایا کہ میری فلم لاہور 1947 سائن ایک محبت کی کہانی ہے جو تقسیم اور نفرت کے دور میں ترتیب دی گئی ہے۔پریتی زنٹا نے یہ بھی تصدیق کی کہ میری یہ فلم 13 اگست 2026 کو ریلیز ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆

ذاتی باتیں اپنے شوہروں کے ساتھ شیئر نہ کریں، اداکارہ فضیلہ قاضی

اداکارہ فضیلہ قاضی کے حالیہ بیان نے سوشل میڈیا پر نئی بحث کو جنم دے دیا

کراچی (شوبز نیوز) سینئر پاکستانی اداکارہ فضیلہ قاضی نے کہا ہے کہ اپنی تمام ذاتی باتیں اپنے شوہروں کے ساتھ شیئر نہ کریں۔اداکارہ فضیلہ قاضی کے حالیہ بیان نے سوشل میڈیا پر نئی بحث کو جنم دے دیا، ایک نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے خواتین کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی تمام ذاتی باتیں اپنے شوہروں کے ساتھ شیئر نہ کریں، بعض اوقات مردان باتوں کو یاد رکھتے ہیں اور اختلاف کی صورت میں انہیں بطور طعنہ استعمال کرتے ہیں۔فضیلہ قاضی نے اپنی ذاتی مثال دیتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے ایک موقع پر اپنے شوہر سے کچھ باتیں شیئر کیں، تاہم بعد میں انہی باتوں کو بحث کے دوران دہرایا گیا، اس تجربے کے بعد انہوں نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ ہر بات شریکِ حیات کے ساتھ شیئر کرنا مناسب نہیں ہوتا۔پروگرام کی میزبان نے بھی اس موقف کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کو خاص طور پر اپنے میکے سے متعلق معاملات شیئر کرنے میں احتیاط برتنی چاہیے کیونکہ یہ معلومات بعض اوقات کمزوری کے طور پر استعمال ہوسکتی ہیں۔اداکارہ کے اس بیان کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے ملا جلا ردعمل سامنے آرہا ہے، کچھ افراد ان کی بات سے اتفاق کر رہے ہیں جبکہ دیگر اسے ازدواجی اعتماد کے منافی قرار دے رہے ہیں۔

مالٹا؛ زیادہ سے زیادہ فائدہ کیسے حاصل کریں؟

مالٹے کے ہر آدھے چاند نما ٹکڑے میں بیجوں کی مقدار بھی مختلف ہوتی ہے اور اجزاء کی مقدار بھی۔

موسمِ سرما میں کثرت سے استعمال کیے جانے والا پھل جو کہ نہ صرف شدت پیاس بجھانے کے لیے نادر ہے بلکہ جسم کے باقی اعضاء کی گرمی دور کرنے کے لیے بھی بہت زیادہ مفید ہے، جس میں جہاں پانی کی خاص مقدار ہے وہاں فائبر بھی پائے جاتے ہیں، یعنی آنتوں اور معدے میں موجود مواد کو وزن مہیا کر کے جسم سے خارج کرنے میں بھی معاون ہے۔ اس انمول پھل کا نام ہے: مالٹا۔ اس کی بہت سی اقسام ہیں مثلاً میٹھا مالٹا، مندری مالٹا، ناگپور مالٹا، لیموں، گریپ فروٹ وغیرہ۔ جس نباتاتی خاندان سے مالٹے کا تعلق ہے اسے 'ریوٹی ایشے' کہتے ہیں کیوں کہ ان سب سے مختلف مقدار میں چینی، سٹرک ایسڈ، فائبر، ایسکاربک ایسڈ، حیاتین ڈی، حیاتین اے، حیاتین بی کمپلیکس، حیاتین ای، لحمیات (پروٹین)، شحمیات (کاربو ہائیڈریٹ)، نباتاتی چربی (یہ جلد کے نیچے چربی کی باریک تہہ بناتی ہے اس سے جلد کی جھریاں دور ہوتی ہیں)، پانی پائے جاتے ہیں۔ اگر مالٹے کے چھلکوں کی افادیت پر غور کیا جائے تو وہ بھی نقصان دہ نہیں لیکن دیر ہضم ضرور ہیں۔ چھلکوں میں سیلولوز (یہ معادہ ہضم نہیں ہوتا کیوں کہ انسانی جسم میں اسے ہضم کرنے والے خامرات (انزائم) نہیں ہیں، بلکہ فائبر کا فعل انجام دیتا ہے۔

کلوروفل (یہ ذرات بینائی کو بہتر بنانے میں مدد دیتے ہیں) پائے جاتے ہیں، چونکہ گیس کی وافر مقدار پیدا کرنے کے ذمہ دار ہیں لہذا انہیں نہ کھانا بہتر ہے۔ اگر مالٹے کے بیجوں کا مطالعہ کیا جائے تو ان میں نباتاتی چربی، اینٹی گلوکوز (یہ گلوکوز کی مقدار کو کم کرتے ہیں اور مالٹوں میں موجود گلوکوز کی اصلاح کرتے ہیں)، حیاتین ای پائے جاتے ہیں۔ قدرت کا کرشمہ ہے کہ مالٹے کے ہر آدھے چاند نما ٹکڑوں میں بیجوں کی مختلف مقدار ملتی ہے، جو اس مطالعے کی دلیل ہے کہ اس کے ہر چاند نما ٹکڑے میں اجزاء کی مقدار بھی مختلف ہے چہ جائیکہ دیکھنے میں ایک جیسی شکل دکھتی ہے۔

مالٹے کی جتنی اقسام ہیں سب میں چینی، سرخ ذرات، ایسکاربک ایسڈ ہی کی مقدار کا فرق ہے جو ذائقہ سے پتہ چل سکتا ہے مثلاً میٹھے مالٹے میں چینی کی مقدار وافر ہے، تو کھٹے میں وٹامن سی کی اور لیموں میں سٹرک ایسڈ نمایاں مقدار میں پایا جاتا ہے۔ یہ ایسڈ کیونکہ تیل کی اصلاح کرتی ہے اور اسے قابلِ ہضم بناتی ہے لہذا حلیم کھاتے وقت اس کا چھڑکاؤ، حلیم کو زود ہضم بناتا ہے۔

مالٹے کے طبی فوائد

1۔ چونکہ مالٹا پیاس بجھانے میں معاون ہے لہذا صفراء (بائیل) کو کم کرتا ہے۔ بائیل کی زیادتی پیاس بڑھاتی ہے لہذا یہ یرقان، اور بڑھے ہوئے جگر کے مریضوں کے لیے مفید ہے۔

2۔ مالٹے کی طبیعت سرد اور تر ہے اور معدے کی تیزابیت کم کرتا ہے۔ اسی وجہ سے دل کی گھبراہٹ میں فائدہ مند ہے۔ میٹھا مالٹا اس معاملے میں فوقیت کا حامل ہے۔

3۔ حیاتین ای، حیاتین اے کی موجودگی کی وجہ سے آنکھوں کے لیے بہتر ہے۔

4۔ جسم میں پانی کی مقدار بڑھاتا ہے۔ اکثر اشخاص کو شکایت ہوتی ہے کہ پانی پیاس بجھانے کی بجائے بذریعہ بول خارج ہو جاتا ہے۔ انہیں مالٹے کا جوس پینے کی ہدایت اسی لیے کی جاتی ہے کہ اس میں میں موجود اجزاء پانی کو جزوِ بدن بنا دیتے ہیں۔ اور مالٹوں میں موجود حیاتین ای اور حیاتین سی بال اور جلد کی نشوونما بہتر طور پر کرتی ہیں۔

5۔ ہڈیوں کو لچکدار اور مضبوط کرتا ہے۔

6۔ دماغ کی نشوونما کرتا ہے اور صحت افزاء نیند لانے کا باعث ہے۔

7۔ تھکاوٹ دور کرتا ہے۔

8۔ گردے اور مثانے کی پتھری توڑنے میں معاون ہے۔

9۔ آنتوں میں خشکی کی وجہ سے پیدا ہونے والی قبض کو دور کرتا ہے۔

10۔ مالٹے کے چھلکے کو رات بھر گرم پانی میں بھگوئیں، اسی پانی سے غسل کریں تو جلد کے رنگ میں نکھار پیدا کرتا ہے۔ یاد رہے کہ بعض حضرات کو اس کے سبب خارش کی شکایت ہو جاتی ہے، اس لیے بہتر ہے کہ اس پانی سے غسل کے بعد ایک مرتبہ سادہ پانی بھی جسم پر ڈالیں۔

مالٹا کن افراد کو مضر ہے؟

1۔ بلغمی مزاج اور کھانسی، نزلہ و زکام جنہیں زیادہ رہتا ہو۔ ایسے لوگوں کو مالٹا اس لئے نہیں کھانا چاہیے کہ اس کی تاثیر سرد ہے۔

2۔ دل کے مریض جن کا جسم سوجا ہو، کیوں کہ مالٹے میں پانی اور نمکیات بھی ہیں اور انہیں امراضِ قلب کے مریضوں کے جسم سے بول آور ادویات کے ذریعہ نکالا جاتا ہے۔

3۔ بلڈ پریشر کے مریض معالج سے ہدایت حاصل کر کے استعمال کریں۔

4۔ رات کو سونے سے پہلے نہ استعمال کریں کہ یہ گیس اور بلغم پیدا کر دیتا ہے۔

5۔ تیزابیت کے مریض ترش مالٹا نہ استعمال کریں۔

6۔ ہڈیوں کے درد میں اس کا استعمال بعض مریضوں کے لیے مفید ہے، بالخصوص جن کی ہڈیاں خشکی سے درد کرتی ہوں جب کہ جن افراد کی سردی کی وجہ سے دکھتی ہوں، انہیں دوپہر کے بعد نہیں کھانا چاہیے۔

مالٹے کی اصلاح کیا ہے؟

مالٹے کی تمام اقسام کی اصلاح فلفل سیاہ کا سفوف ہے۔ یہ مالٹے کی غذائیت پر اثر انداز نہیں ہوتا بلکہ مزاج کو معتدل کرتا ہے۔ اس کے بعد مالٹے کی اصلاح سونٹھ کے سفوف سے بھی کی جاتی ہے۔ یہ بھی مالٹے کی غذائیت کو کم نہیں کرتا، بلغم اور ٹھنڈ کی اصلاح کرتا ہے۔ بعض لوگ مالٹے پر سیاہ نمک چھڑکنے کی ہدایت کرتے ہیں، مگر اس سے بلڈ پریشر کے مریضوں کو نقصان ہو جاتا ہے۔ اسی طرح بعض لوگ ہلدی کا سفوف چھڑکتے ہیں۔ ہلدی گرم و خشک درجہ چہارم پر ہے لہذا مالٹے کی غذائیت پر برا اثر مرتب کرتی ہے۔ مالٹے کے جوس میں بھی اکثر حضرات سیاہ نمک ڈالتے ہیں تا کہ ذائقہ بہتر ہو سکے، مگر بہتر ہے کہ مالٹے کا سادہ جوس ہی پئیں اور بعد میں سیاہ زیرہ چبا لیں، کچھ ہی دیر میں ڈکاریں آ کر جوس ہضم بھی ہو جاتا ہے اور گیس کی شکایت بھی نہیں ہوتی۔ اسی طرح مالٹے کے کچھ دیر تک کیلا، سیب، کھٹے انار کا استعمال بھی حکماً جائز نہیں سمجھتے لیکن میوے کھائے جا سکتے ہیں۔ اگر نزلہ و زکام کے مریض کا مالٹے کھانے کا دل کرے تو دو عدد سے زیادہ نہ کھائے اور تھوڑی سی سونٹھ سفوف کی مقدار چھڑک لے۔ آدھا گھنٹے بعد دودھ پتی پی کر مالٹے کی اصلاح کرے۔ دودھ پتی گرمی بالعرض پیدا کرتی ہے، مالٹے کے دو گھنٹے تک دہی اور دہی سے بنے مرکبات کا استعمال طبی نظریے کے مطابق نقصان دہ ہے۔

صبح کا آغاز، صحت مندانہ انداز میں کیسے کریں؟

انتہائی منظّم لوگوں کی صحت مند عادات جو ان کی صبح کو شاندار بناتی ہیں۔

بعض لوگ صبح اٹھتے ہی انتہائی پرسکون دکھائی دیتے ہیں، ان کے برعکس بعض لوگ دھندلی آنکھوں کے ساتھ افراتفری کے عالم میں نظر آتے ہیں۔ حالانکہ وہ ایک پرسکون انداز میں اپنی صبح کا آغاز کر سکتے تھے۔

سوال یہ ہے کہ وہ کیسے اپنی صبح کو پرسکون بنا سکتے ہیں؟ آیئے! اس سوال کا جواب جانتے ہیں۔

اپنی صبح کو پرسکون بنانے کے لئے، سب سے پہلا کام یہ کریں کہ رات کو جلدی سوئیں۔ صبح فجر کے وقت اٹھیں، وضو کر کے نماز پڑھیں، اور پھر اپنے اردگرد منظم قسم کے لوگوں کے معاملات پر غور کریں۔

'مائی ہوم آئیڈیاز' پر ایک مضمون میں سپریم آرگنائزیشن کے بانی اور صدر جوڈی واٹسن نے مشورہ دیا کہ اگر آپ گھر کے باقی افراد کی نسبت پہلے بیدار ہوتے ہیں تو پھر پہلے اپنے سارے دن کے کاموں کی فہرست بنائیں۔ ضروری نہیں کہ فہرست لکھ کر بنائی جائے، بلکہ ترجیحات کے اعتبار سے فہرست ذہن میں بھی ترتیب دے سکتے ہیں۔

جلدی جاگنے کا لازمی تقاضا ہوگا کہ آپ جلدی سوئیں۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ انھیں نیند ہی دیر سے آتی ہے۔ اگر آپ کو نیند نہیں آتی تو ان اسباب سے متعلق غور کریں جو آپ کی نیند میں رکاوٹ ہیں۔ اس سلسلے میں ماہرین تجویز دیتے ہیں کہ جب آپ سونے کے لئے بیڈ کی طرف بڑھیں تو اپنے موبائل فون کو بستر سے دور رکھ دیں۔ سوتے وقت سیل فون کو قریب رکھنے کا نقصان یہ ہوتا ہے کہ آنکھ کھلتے ہی آپ اپنا سیل فون پکڑ لیں گے، نتیجتاً خون چوسنے والی پریشان کن ای میلز، خبری سرخیاں اور سوشل میڈیا کی پوسٹس کے بلیک ہولز آپ کو نگل سکتے ہیں اور آپ کے بلڈ پریشر میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

اس لئے ضروری ہے کہ آپ کو صبح، صبح اپنے سیل سے دور رہیں۔ پھر اپنے بستر پر بیٹھ جائیں اور گہرے گہرے سانس لے کر تازہ ہوا کو اپنے اندر اتاریں۔

ماہرین کے مطابق اس طرح آپ خوش رہ سکتے ہیں اور یہ آپ کے لئے ایک حیرت انگیز خوش کن تجربہ ہوگا۔ صبح سویرے جاگ کر اپنے پسندیدہ کام کریں جیسے مراقبہ کرنا، واک کرنا، یوگا کرنا وغیرہ اور پھر دس یا پندرہ منٹ آرام کر کے اپنے دیگر روزمرہ کاموں کے لیے تیار ہو جائیں۔ برش کرنا یا غسل کرنا تو آپ کی عادت ہوگی، اس کا آپ کی خوشی سے کوئی تعلق نہیں اس لئے وہ کام کریں جو آپ کے لئے خوشی کا باعث ہوں۔ یہ کام کر کے آپ دیکھیں گے کہ جلدی جاگنا جو کبھی آپ کو ایک مشکل چیلنج کی طرح لگتا تھا، اب ایک آسان کام بن گیا ہے۔ اس کا ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہوگا کہ آہستہ آہستہ آپ کی زندگی سے بے ترتیبی ختم ہوتی چلی جائے گی۔

جب آپ سارے دن کے کاموں کے لئے تیار ہو جائیں گے تو پھر سب سے پہلے اپنے موبائل سے ضروری پیغامات چیک کریں اور ان کا جواب دیں۔ اس طرح آپ ضروری باتوں کا جواب دینا نہیں بھولیں گے۔ اس کے علاوہ یہ بھی ضروری ہے کہ آپ ایک وقت میں ایک ہی کام کریں کیونکہ ایک دم ہم دنیا کو بدل نہیں سکتے۔ اگر ہم ایک ہی وقت میں سارے کام کرنے کی کوشش کریں گے تو ہم بے زار ہو جائیں گے اور کوئی کام بھی ڈھنگ سے نہیں کر پائیں گے۔ اپنے آپ کو غیر منظم زندگی سے بچانے کے لئے ایک ہی وقت میں ایک ہی کام کریں گے تو دیگر ضروری کاموں کے بارے میں بہتر انداز میں سوچنے کا موقع مل جائے گا۔ دیگر ضروری کام ان کے شیڈول کے مطابق کریں۔ اگر کوئی خاتون کھانا تیار کرنے لگی ہیں تو انھیں علم ہونا چاہیے کہ صبح، دوپہر اور رات کے کھانے میں کیا کچھ بنانا ہے۔ اس طرح وہ آج کیا پکاؤں؟ کے سوال کے بارے میں سوچتے ہوئے وقت ضائع نہیں کریں گی، اپنے اس وقت کو کسی دوسرے مفید اور ضروری کام میں صرف کریں گی۔

آپ کو یہ بھی یہ سوچنا ہے کہ آپ کس طرح اپنے کاموں کو مزید آسان اور دلچسپ بنا سکتے ہیں۔ اپنے کام کو آسان بنانے کے لئے اپنے کاموں کی فہرست میں آپ اپنے موڈ کے مطابق ترمیم بھی کر سکتے ہیں۔ نظم و ضبط کے ماہرین کے مطابق اگر رات کو آپ کسی کام کے بارے میں سوچیں گے، تو صبح اس کے مثبت پہلو ؟ کو مدنظر رکھتے ہوئے اسے عملی جامہ پہنانے کے لئے تیار ہو جائیں۔

فہرست کو ترتیب دیتے ہوئے اس بات کو بھی مدنظر رکھیں کہ آپ پر اضافی بوجھ نہ بڑھے۔ ماہرین کے مطابق اومنی فوکس کا استعمال اپنے آپ کو سرگرم رکھنے کے لئے کریں اور آئی فون پر ریمائنڈرز ایپ کا استعمال بھی کریں۔ یہ بہترین ٹاسک لسٹ ایپ ہے۔

اگر آپ کا کام بروقت ختم نہیں ہوتا تو ایسی وجوہات کا پتہ لگائیں جو اسکی راہ میں مشکلات بڑھاتی ہیں۔ آپ مشکل کام پہلے کریں یعنی جو ہمیں سب سے زیادہ مشکل لگتا ہے اور اسے پہلے نہیں کرنا چاہتے، اسے پہلے ہی مکمل کریں۔ اس سے ہم ایک بامقصد اور نتیجہ خیز دن گزار سکتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق سب سے مشکل کام کو جلدی مکمل کرنا بہترین طرزِ عمل ہے۔

اگر زندگی میں کسی بھی مرحلے پر مایوسی محسوس کر رہے ہوں تو کامیاب لوگوں کے حالات زندگی پڑھیں، جنہوں نے مشکلات کے اندھیرے کو شکست دیکر روشنی تک رسائی حاصل کر لی اور پھر زندگی میں کامیاب ہو گئے۔ ان کے حالات زندگی پڑھ کر آپ اپنے اندر نئی قوت محسوس کریں گے۔ اپنی زندگی کو بے ترتیبی سے بچانے کے لیے اپنے گھر کو صاف ستھرا اور سلیقہ شعاری کا عکاس بنائیں کیونکہ جب آپ تھک ہار کر گھر آتے ہیں تو صاف ستھرا گھر آپ کو پرسکون کر دیتا ہے لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ آپ گھر سے نکلنے سے پہلے اسے ترتیب دیں، ہر چیز کو سلیقہ سے رکھیں تا کہ جب آپ گھر واپس آئیں تو صاف ستھرا ماحول دیکھ کر آپ کے دل و دماغ کی تھکن دور ہو جائے۔ میرا پرزور مشورہ ہے کہ مذکورہ بالا رہنما اصولوں کو اپنائیں، اپنی زندگی کو کامیاب بنا لیں کیونکہ یہی کامیاب زندگی کے راز ہیں۔

گلگت بلتستان کے انتخابات

گلگت بلتستان اسمبلی کے انتخابات جیتنے کے لیے سیاسی جماعتوں کی انتخابی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ مختلف سیاسی جماعتیں عوامی اجتماعات کا انعقاد کر رہی ہیں اور کوشش کر رہی ہیں کہ اپنی اپنی جماعتوں کے امیدواروں کو جتوایا جا سکے۔ انتخابی مہم کا سلسلہ 5 جون رات 12 بجے تک جاری رہے گا جبکہ پولنگ 7 جون کو ہوگی۔ دو روز قبل الیکشن کمیشن گلگت بلتستان نے نئی انتخابی فہرست کے بجائے پرانی الیکٹورل لسٹ (الیکٹورل رول 2026ء) کو قابلِ قبول قرار دے دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پرانے الیکٹورل رول جاری کرنے کا فیصلہ نئی انتخابی فہرست میں بے شمار غلطیوں کی شکایات سامنے آنے کے بعد کیا گیا۔ متعلقہ الیکشن کمیشن کے اعداد و شمار کے مطابق گلگت بلتستان میں رجسٹرڈ ووٹروں کی مجموعی تعداد نو لاکھ 58 ہزار 480 ہے جن میں پانچ لاکھ تین ہزار 772 مرد جبکہ چار لاکھ 54 ہزار 708 خواتین ووٹر شامل ہیں۔ انتخابات میں سیاسی جماعتوں کے امیدواروں کے طور پر اور آزاد حیثیت سے مجموعی طور پر 396 امیدوار حصہ لے رہے ہیں آزاد امیدواروں کی تعداد جماعتی نمائندوں کے مقابلے میں دوگنا سے بھی زیادہ ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی 23 امیدواروں کے ساتھ سب سے آگے ہے جبکہ اسٹیکام پاکستان پارٹی کے 15 اور پاکستان مسلم لیگ کے 11 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں، صرف آٹھ خواتین امیدوار حصہ لے رہی ہیں جو مجموعی امیدواروں کی تعداد کے مقابلے میں انتہائی کم شرح ہے۔ انتخابات میں تین ٹیکنوکریٹس اور چھ خواتین یعنی مجموعی طور پر نو مخصوص نشستوں کیلئے سات سیاسی جماعتوں نے اپنے امیدواروں کی ترجیحی فہرستیں جمع کرا دی ہیں۔ الیکشن کمیشن مخصوص نشستیں 7 جون کے انتخابات میں کامیاب جماعتوں کو متناسب نمائندگی کی بنیاد پر دے گا۔ الیکشن کمیشن نے دفعہ 234 نافذ کرتے ہوئے صدر، وزیرِ اعظم، وفاقی وزراء اور چیئرمین سینیٹ کی انتخابی مہم میں شرکت پر پابندی عائد کر دی ہے۔ چیف الیکشن کمشنر کا کہنا ہے کہ گلگت بلتستان انتخابات میں ضابطہء اخلاق پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، تمام سیاسی جماعتیں الیکشن کمیشن کے لیے یکساں اہمیت رکھتی ہیں، انتخابی ضابطہ اِخلاق کی خلاف ورزی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، کسی بھی اُمیدوار نے اِس کی خلاف ورزی کی تو اُسے نااہل قرار دیا جا سکتا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے یہ بھی واضح کیا کہ ضابطہء اخلاق کی خلاف ورزی پر امیدوار یا متعلقہ فرد کو گلگت بلتستان سے بھی بے دخل کیا جا سکتا ہے۔

دوسری جانب پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کا گزشتہ روز "شگر" میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ گزشتہ انتخابات میں اُن کی جماعت کی نو سیٹیں چوری کی گئی تھیں، اُمید ہے اِس بار کوئی سیٹ چوری نہیں ہوگی۔ اُنہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی صاف اور شفاف انتخابات کا مطالبہ کرتی ہے، اُمیدوار کو فارم 45 یقینی بنانا ہے جبکہ فارم 47 کا بندوبست وہ خود کریں گے۔ بلاول بھٹو کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی نے پسماندہ طبقوں کی نمائندگی کی، پاکستان ایٹمی قوت بن کر آج دنیا کے سامنے مضبوط ہو کر کھڑا ہے، قائدِ عوام نے روٹی، کپڑا اور مکان کے نعرے پر عمل بھی کیا تھا۔ اُن کے بقول اگر شگر کے عوام کو اختیار دیا جائے گا تو یہاں کے عوام معاشی طور پر ترقی کریں گے، وہ چاہتے ہیں کہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے فیصلے اسلام آباد میں بیٹھا بابو نہیں بلکہ وہاں کے عوام کریں۔ دوسری جانب مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف کو الیکشن کمیشن کی طرف سے این او سی جاری کر دیا گیا ہے یوں اب وہ بھی انتخابی مہم میں حصہ لے سکیں گے۔ اتوار کو مسلم لیگ ن کے رہنماء خواجہ سعد رفیق کا سکردو میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ توجہ دی جائے تو گلگت بلتستان سوئٹزرلینڈ بن سکتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن نے گلگت بلتستان میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا ہے، یہاں کے عوام نے خطے کی آزادی اور پاکستان کے ساتھ الحاق میں کردار ادا کیا، پاکستان اُن کے احسان کا مقروض ہے۔

گِلگت بلتستان میں انتخابی مہم زور و شور سے جاری ہے تاہم بعض سیاسی جماعتوں کی طرف سے لیول پلیئنگ فیلڈ نہ ملنے کی شکایات بھی کی جا رہی ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے سکردو میں کھڑے ہو کر امتیازی سلوک کا الزام لگاتے ہوئے مطالبہ کیا کہ انتخابی مہم کے دوران تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ برابر کا معاملہ کیا جائے۔ اپوزیشن رہنما اور سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کا دو روز قبل کہنا تھا کہ پولیس نے اُنہیں حراست میں لے لیا اور سکردو کی فلائٹ جانے کے بعد چھوڑ دیا، صرف اُن کی وجہ سے پوری فلائٹ متاثر ہوئی اور لوگوں کو تکلیف دی گئی۔ اُن کا کہنا تھا کہ اُنہیں کوئی بھی اپنے آئینی اور قانونی حق سے نہیں روک سکتا، ایسے الیکشن کو کون مانے گا؟ اِس سے بہتر ہے کہ سلیکشن کر لیں۔ خواجہ سعد رفیق کی بھی سکردو کی فلائٹ ایئرپورٹ کے باہر ٹریفک جام کی وجہ سے چھوٹ گئی تھی۔ ویسے تو پاکستان میں کوئی بھی انتخاب ایسا نہیں جسے تمام سیاسی جماعتوں نے برضا و رغبت تسلیم کیا ہو تاہم الیکشن کمیشن گلگت بلتستان کو چاہیے کہ وہ اِن انتخابات کو ہر صورت صاف اور شفاف بنائے تا کہ ملک میں موجود سیاسی عدم استحکام میں اضافہ نہ ہو اور تحریک آزادی کشمیر کو تقویت ملے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر و ایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

چین، پاکستان روایتی دوستی وسیع ہوتی جائے گی

پروفیسر ٹانگ منگ شنگ

وقت کے گزرنے اور پہاڑوں اور دریاؤں کی گواہی کے ساتھ، 2026 میں چین اور پاکستان کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہوں گے۔ 75 سال کے طوفان اور بارش میں ساتھ رہنا، 75 سال ایک دوسرے کی مدد اور حمایت کرنا، چین اور پاکستان نے پہاڑوں اور سمندروں کی رکاوٹیں عبور کیں، نظریاتی اختلافات سے ماورا ہوئے، اور بین الاقوامی حالات کے اتار چڑھاؤ کو دیکھتے ہوئے ایک مستحکم اور پائیدار 'ہر موسم' میں اسٹریٹجک شراکت داری قائم کی، جس سے ایک ایسی دوستی پروان چڑھی جو کہ پہاڑوں سے اونچی، سمندر سے گہری، شہد سے میٹھی اور فولاد کی طرح سخت ہے۔

21 اپریل 2015 کو، صدر ژی جن پنگ نے پاکستانی پارلیمنٹ میں ایک اہم تقریر کرتے ہوئے کہا: چین اور پاکستان کی روایتی دوستی بالکل اسی طرح پھیلتی جائے گی جیسے قراقرم ہائی وے پھیلا اور وسعت اختیار کرتا ہے۔ ※ یہ جذبات سے بھرپور اور معنی میں گہری بات، چین اور پاکستان کی دوستی کی تاریخی بنیاد اور روحانی جوہر کو درست طور پر بیان کرتی ہے، اور نئے دور میں چین اور پاکستان کی 'ہر موسم' دوستی کو مضبوط اور دیرپا رکھنے کی رہنمائی کرتی ہے۔

قراقرم ہائی وے، جو قراقرم پہاڑوں، ہندوکش پہاڑوں، پامیر کے بلند علاقے اور ہمالیہ کے درمیان سرک جاتی ہے، بلند و بالا پہاڑوں سے گزرتی ہے، تیز دھار ندیوں اور دروں کو عبور کرتی ہے، یہ چین اور پاکستان کے عوام کی محنت اور جانفشانی سے مل کر بنائی گئی دوستی کا نشان ہے۔ آدھی صدی سے زیادہ پہلے، بے شمار تعمیراتی مزدوروں نے سردی اور کم آکسیجن کے خوف کے بغیر، مشکلات اور خطرات کو نظرانداز کرتے ہوئے، پہاڑوں میں راستے بنائے، ندیوں پر پل تعمیر کیے، اور دنیا کی چھت پر یہ وہ مرکزی راستہ بنایا جو دونوں ملکوں کو جوڑتا ہے۔

قراقرم ہائی وے نہ صرف جغرافیائی رکاوٹوں کو دور کرتی ہے، بلکہ چین اور پاکستان کے عوام کے دلوں کو جوڑنے اور تقدیر کو مربوط کرنے کا ایک پل بھی ہے۔ پچھلے 75 سالوں سے، چین اور پاکستان کی دوستی بالکل قراقرم ہائی وے کی طرح ہے: ابتدا سے نکل کر دور تک پھیلا، وقت کے دھوئیں سے مضبوط تر ہوئی، دورِ حاضر کے امتحانات سے گزری اور ہمیشہ فائدہ مند تعاون اور مشترکہ ترقی کی راہ پر پائیداری سے آگے بڑھتی رہی ہے۔

چین اور پاکستان کے روایتی دوستانہ تعلقات، دل سے دل تک اعتماد پر مبنی تاریخی انتخاب سے جنم لینے والے، ساتھ چل کر دوستی کی بنیاد کو مضبوط کرتے ہیں۔ 21 مئی 1951 کو، چین اور پاکستان نے باقاعدہ سفارتی تعلقات قائم کیے، اور دونوں ممالک کے دوستانہ تعلقات کے لیے ایک نیا باب کھولا۔ اُس وقت بین الاقوامی صورتِ حال میں اتار چڑھاؤ تھا، دونوں ممالک نے باہمی احترام اور مساوات پر مبنی اصول کو اپنایا، ایک دوسرے کی خودمختاری کا احترام کیا، داخلی امور میں مداخلت نہیں کی، اور ایک دوسرے کی حمایت کی، اور عالمی سطح پر ہمیشہ ایک دوسرے کا ساتھ دیا۔ ملک کے قیام کے ابتدائی دنوں سے باہمی سمجھ اور حمایت، اور نازک وقتوں میں ساتھ قدم بڑھانا، چین اور پاکستان ہمیشہ ایک دوسرے کو قابلِ اعتماد بھائی اور قابلِ اعتماد شریک کار سمجھتے رہے۔

چاہے بین الاقوامی حالات کچھ بھی ہوں، چاہے اپنے اپنے ممالک کی ترقی کو کسی بھی چیلنج کا سامنا ہو، پاکستان ہمیشہ ایک چین کے اصول کو سختی سے اپناتا ہے، اور چین کے بنیادی مفادات اور اہم امور میں کبھی غیر حاضر نہیں ہوتا اور موقف میں مضبوط رہتا ہے؛ چین ہمیشہ پاکستان کے قومی خودمختاری، سلامتی اور ترقی کے مفادات کی حمایت کرتا ہے، پاکستان کے آزادانہ ترقیاتی انتخاب کا احترام کرتا ہے، اور ہمیشہ پاکستان کی سب سے مضبوط پشت پناہی کرتا ہے۔

ایک ملک کے تعلقات عوام کی باہمی محبت پر مبنی ہوتے ہیں، اور عوام کی محبت دل کی ہم آہنگی پر انحصار کرتی ہے۔ 75 سالہ دوستانہ تعلقات نے باہمی دوستی کو عوام میں جڑیں دلائیں اور گہرائی تک پہنچایا، یہ دونوں ممالک کی مشترکہ روحانی دولت بن گئی ہے۔

قراقرم ہائی وے پر چین، پاکستان دوستی کی کہانیوں سے لے کر زلزلہ بچاؤ اور وبائی مرض کے خلاف جدوجہد تک لوگ ایک دوسرے کے ساتھ زندگی و موت کی مناسبت میں کھڑے رہے؛ پاکستانی طالب علموں کی چین میں تعلیم کی تکمیل اور خوابوں کی تکمیل تک، چین کی پاکستان میں دوستانہ اسپتال کی مدد سے مقامی عوام کو فائدہ پہنچانے تک؛ سرحدی تجارتی تعلقات میں خلوص نیت، ثقافتی تبادلے میں تہذیبی امور سیکھنے تک، چین-پاکستان دوستی پہلے ہی عام عوام کی وسیع جذباتی شناخت میں تبدیل ہو چکی ہے۔ پاکستان میں، "C (چینی بھائی) دل کی گہرائی سے محبت بھرا لقب ہے؛ اور چین میں، "چین کی عام عوام کی پاکستان سے محبت بھرے لقب ہیں، یہ سب عوام کے دل کی گہرائی سے تعلق اور شناخت کی علامت ہیں۔

گہرے اور عملی تعاون کو فروغ دینا چینی-پاکستانی روایتی دوستی کی مضبوط بنیاد ہے، اور یہ دونوں ممالک کی خوشحالی اور ترقی کی راہ میں بھی ایک راستہ ہے۔ قراقرم ہائی وے کی اپ گریڈ اور ترقی، عملی تعاون کے بنیادی ڈھانچے سے لے کر ہر سطح پر گہرے تعاون کی توسیع کی عکاسی کرتی ہے۔

ایک پٹی، ایک سڑک ※ کے تحت مشترکہ تعمیر کا نمونہ پروجیکٹ بی چین- پاکستان اقتصادی راہداری بی دوستی کے اعلیٰ معیار کے تعاون کی علامت ہے۔ تعمیر کے آغاز سے ہی، راہداری نے ہمیشہ عوامی فلاح و بہبود کو بنیاد بنایا اور ترقی کو ترجیح دی، اور یہ سماجی ترقی کو آگے بڑھانے اور عوام کی خوشحالی حاصل کرنے کا مرکزی راستہ ہے۔ راہداری کی تعمیر میں توانائی، نقل و حمل، صنعت، زراعت اور عوامی فلاح جیسے اہم شعبوں پر توجہ دی گئی، اور حال اور مستقبل دونوں کے لیے کئی بڑے پروجیکٹس کو عملی جامہ پہنایا گیا۔ ہر بجلی گھر پاکستان کے بے شمار گھروں کو روشنی فراہم کرتا ہے، اور طویل عرصے سے جاری بجلی کی کمی کو مکمل طور پر دور کرتا ہے؛ ہر

دودھ کی رکھوالی بلیوں کے سپرد

وسعت اللہ خان

لابیوں اور تھنک ٹینکس کی فصل کے لیے سب سے زرخیز زمین واشنگٹن ڈی سی کی سمجھی جاتی ہے۔ کیونکہ یہیں پر وہ پالیسیاں وقوانین بنتے ہیں، منسوخ و ترمیم زدہ ہوتے ہیں، جنگ و امن کے فیصلے ہوتے ہیں جن کا منفی و مثبت اثر باقی دنیا پر بھی پڑتا ہے۔ ان قوانین، فیصلوں اور اعلانات پر پہلے اور بعد میں ہر طرح کے مفادات لابنگ اور تھنک ٹینکس کے ذریعے اثر انداز ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔ بہت سے ناکام ہو جاتے ہیں اور کچھ ہر بار اپنا ایجنڈہ منوانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔

آپ نے بھی بارہا واشنگٹن کی طاقتور یہودی، اسرائیلی، صیہونی لابی اور ان سے منسلک تحقیقی اداروں اور تھنک ٹینکس کے بارے میں بہت کچھ سنا ہوگا۔ تو کیا آپ نے یہ بھی سنا کہ کوئی ایسا تھنک ٹینک بھی ہے جس کا موضوع ایران ہے اور یہ کانگریس کے ایوانوں سے وائٹ ہاؤس کے اوول روم تک ہر طرح کی پالیسی سازی میں دخیل ہے اور اس سے بچ کے کسی طرح کی آزاد رائے یا پالیسی تشکیل دینا ناممکن کی حد تک مشکل ہو؟ اس تھنک ٹینک کا حصہ ہیں جو خود کو میڈیا میں ایک غیر جانبدار نجی امریکی تحقیقی ادارے کے طور پر پیش کرتا ہے۔ اس وقت صدر ٹرمپ کے سابق مشیرِ سلامتی لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ مائیک ماسٹر انسٹی ٹیوٹ کے سربراہ ہیں۔ وہ افغانستان اور میں جب اوباما انتظامیہ اور ایران کے مابین ایٹمی امور پر جوائنٹ کمپریہینسو پلان آف ایکشن (جے سی پی او) طے پا گیا تو کانگریس کے اندر ہونے والی بحثوں میں اس معاہدے کے ایک ایک جملے کو نتھارا گیا۔ اس موقع پر ایف ڈی ڈی کے چیف ایگزیکٹو مارک ڈوبووٹز نے کانگریس میں شہادت دیتے ہوئے اس معاہدے کے بدلے ایران اور اس کے اداروں اور ان سے منسلک افراد پر سے امریکی پابندیاں ہٹانے کے بجائے مزید سخت کرنے کے حق میں پرجوش دلائل دیئے۔

ایف ڈی ڈی کے ماہرین نے اسرائیل نواز ارکانِ کانگریس کو اپنے موقف کے حق میں آواز اٹھانے کے لیے بقول شخصے "انٹلکچوئل فائر پاور" کا بھرپور استعمال کرتے ہوئے تقریری مسودے اور پوائنٹس بھی تیار کر کے دیئے۔ ایف ڈی ڈی سے منسلک امورِ مشرقِ وسطیٰ کے ماہرین کو اخبارات، ریڈیو اور ٹی وی ٹاک شوز کی تیاری کروائی گئی، پالیسی پیپرز لکھوائے گئے، سیمینارز اور خصوصی لیکچرز کا اہتمام کیا گیا۔ تا کہ فیصلہ سازوں کے ذہنوں میں اچھے سے بٹھایا جا سکے کہ ایران سے کسی بھی طرح کی پرامن پالیسی یا بھلائی کی توقع رکھنا ہر اعتبار سے گھاٹے کا سودا ہے اور موجودہ ایرانی ریاستی ڈھانچے کی تبدیلی کے بغیر پابندیوں کے خاتمے سے پچھتاوے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

اگرچہ دو ہزار پندرہ میں ایران سے جو ہری سمجھوتہ نافذ تو ہو گیا مگر ایف ڈی ڈی نے مایوس ہونے کے بجائے اپنی کوششیں دو چند کر دیں۔ چنانچہ پہلی ٹرمپ انتظامیہ نے آتے ہی جو اہم کام کیا ان میں جوہری سمجھوتہ سے پالیسیاں ہموار رکھنے کے لیے جو اسرائیل نواز لابی گروپ امریکی سیاستدانوں، صحافیوں اور محققین و اساتذہ کے لیے اسرائیل کے خصوصی مطالعاتی دوروں کا اہتمام کرتے رہتے ہیں ان میں ایف ڈی ڈی بھی نمایاں ہے۔ جیکب ناگیل ایف ڈی ڈی میں سینیئر فیلو ہیں۔ دو ہزار سولہ سترہ میں وہ اسرائیلی نیشنل سیکیورٹی کونسل کے قائمقام سربراہ اور نتین یاہو کے قومی سلامتی مشیر رہے۔ اس سے قبل انھوں نے اسرائیلی وزارتِ دفاع کے مختلف شعبوں میں بھی حساس خدمات انجام دیں۔ وہ فلسطینیوں کی نگرانی کرنے والے یونٹ بیاسی سو میں بھی کام کرتے رہے۔

ایول ہولاتا بھی ایف ڈی ڈی میں سینیئر فیلو ہیں۔ وہ طویل زمانہ اسرائیلی انٹیلی جینس میں گذار چکے ہیں۔ دو ہزار اکیس تا تئیس ایول نے اسرائیلی قومی سلامتی کے مشیر کی حیثیت میں ایران کے بارے میں اسرائیل کی قومی حکمتِ عملی مرتب کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔

ایف ڈی ڈی سے منسلک جوناتھن کونریکس لبنان اور غزہ میں فوجی خدمات انجام دینے کے بعد اسرائیلی فوج کے سرکاری ترجمان بھی رہ چکے ہیں۔ اسی طرح تال کیلمن اسرائیلی فضائیہ کے اسٹریٹجک پلاننگ ڈویژن کی سربراہی کر چکے ہیں۔

یعنی یہ سب گرگانِ باران دیدہ اس تھنک ٹینک کا حصہ ہیں جو خود کو میڈیا میں ایک غیر جانبدار نجی امریکی تحقیقی ادارے کے طور پر پیش کرتا ہے۔ اس وقت صدر ٹرمپ کے سابق مشیرِ سلامتی لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ مائیک ماسٹر انسٹی ٹیوٹ کے سربراہ ہیں۔ وہ افغانستان اور

صبح کا ناشتہ: رسم یا جسمانی ضرورت؟

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی

engr.bakht@gmail.com

اکثر لوگوں میں یہ بات بہت مشہور کر دی گئی ہے کہ صبح اٹھتے ہی فوراً ناشتہ کرنا لازمی ہے، ورنہ جسم کمزور ہو جاتا ہے، معدہ خراب ہو جاتا ہے یا انسان سارا دن سستی محسوس کرتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر انسان کے جسم کی ضرورت اور نظامِ ہضم ایک جیسا نہیں ہوتا۔ بعض لوگ صبح جلد بھوک محسوس کرتے ہیں جبکہ کچھ افراد کو دو یا تین گھنٹے بعد بھوک لگتی ہے۔ اس لیے ناشتے کا اصل اصول وقت نہیں بلکہ جسم کی ضرورت اور بھوک کا احساس ہے۔ ماہرینِ صحت کے مطابق جسم کو زبردستی کھانا کھلانا اتنا فائدہ مند نہیں جتنا مناسب وقت پر متوازن غذا کھانا ہے۔ اگر کوئی شخص صبح اٹھتے ہی بھوک محسوس نہیں کرتا تو صرف رسم پوری کرنے کے لیے بھاری ناشتہ کرنا بعض اوقات معدے پر بوجھ بن جاتا ہے۔ اس کے برعکس جب انسان قدرتی بھوک کے مطابق کھاتا ہے تو ہاضمہ بہتر رہتا ہے اور جسم غذا سے زیادہ فائدہ حاصل کرتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں کھانے پینے کے متعلق کئی غلط تصورات نسل در نسل منتقل ہوتے رہے ہیں۔ انہی میں ایک تصور یہ بھی ہے کہ ناشتہ چھوڑنے سے فوراً کمزوری آ جاتی ہے۔ حالانکہ جسم کی طاقت صرف کھانے کے وقت پر منحصر نہیں بلکہ اس بات پر ہے کہ انسان کیا کھا رہا ہے اور کتنی مقدار میں کھا رہا ہے۔ اگر غذا متوازن ہو تو دیر سے کیا گیا ناشتہ بھی جسم کے لیے مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ اصل اہمیت ناشتے کے معیار کی ہے۔ اگر صبح کے وقت صرف میٹھی چائے، پراٹھے اور تلی ہوئی اشیاء استعمال کی جائیں تو وقتی طور پر پیٹ بھر جاتا ہے مگر جسم کو ضروری غذائیت نہیں ملتی۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ چند گھنٹوں بعد دوبارہ بھوک شدت سے محسوس ہوتی ہے اور انسان غیر ضروری کھانوں کی طرف مائل ہونے لگتا ہے۔ صحت مند ناشتے میں پروٹین کو بنیادی حیثیت حاصل ہونی چاہیے۔ انڈے، دہی، دودھ، پنیر، دالیں یا گوشت جیسی غذائیں جسم کو طاقت فراہم کرتی ہیں اور دیر تک پیٹ بھرا رکھنے میں مدد دیتی ہیں۔ پروٹین نہ صرف پٹھوں کو مضبوط بناتا ہے بلکہ جسمانی تھکن اور کمزوری کو بھی کم کرتا ہے۔ اسی طرح صحت مند چکنائیاں بھی ناشتے کا ضروری حصہ ہیں۔ بادام، اخروٹ، زیتون کا تیل، مونگ پھلی یا دیسی گھی کی مناسب مقدار جسم کے لیے فائدہ مند سمجھی جاتی ہے۔ یہ چکنائیاں دماغی کارکردگی بہتر بنانے اور جسم کو توانائی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ناشتے میں پیچیدہ کاربوہائیڈریٹس کی شمولیت بھی ضروری ہے۔ جئی، براؤن بریڈ، دلیہ یا آٹے کی روٹی جیسی غذائیں آہستہ آہستہ ہضم ہوتی ہیں، جس کی وجہ سے جسم کو مسلسل توانائی ملتی رہتی ہے۔ اس کے برعکس سفید آٹے اور چینی والی اشیاء خون میں شوگر کی سطح اچانک بڑھا دیتی ہیں، جو بعد میں تھکن اور بھوک کا سبب بنتی ہیں۔ سلاد اور سبزیوں کو اکثر ناشتے میں نظرانداز کر دیا جاتا ہے، حالانکہ یہ جسم کے لیے نہایت مفید ہیں۔ کھیرا، ٹماٹر، گاجر اور پتوں والی سبزیاں فائبر فراہم کرتی ہیں، جو نظامِ ہضم کو بہتر بناتا ہے اور قبض سے بچانے میں مدد دیتا ہے۔ جب انسان متوازن ناشتہ کرتا ہے تو دن بھر بے جا کھانے کی خواہش کم ہو جاتی ہے۔ ایسے افراد عموماً فاسٹ فوڈ، میٹھے مشروبات اور غیر صحت بخش اسنیکس کم استعمال کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ متوازن غذا وزن کو قابو میں رکھنے میں بھی مددگار ثابت ہوتی ہے۔ آج دنیا بھر میں موٹاپا ایک سنگین مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔ اس کی بڑی وجہ بے وقت کھانا اور غیر متوازن غذا ہے۔ اگر لوگ اپنی صبح کی غذا کو بہتر بنا لیں تو نہ صرف وزن متوازن رہ سکتا ہے بلکہ متعدد بیماریوں سے بھی بچاؤ ممکن ہے۔ شوگر کے مریضوں کے لیے بھی ناشتے کا معیار بہت اہم ہے۔ چینی اور میدے سے بھرپور غذا خون میں گلوکوز کی سطح کو تیزی سے بڑھاتی ہے، جبکہ پروٹین اور فائبر سے بھرپور غذا شوگر کو متوازن رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ اسی لیے ڈاکٹر بھی متوازن غذا پر زور دیتے ہیں۔ بلڈ پریشر اور کولیسٹرول جیسے مسائل کا تعلق بھی خوراک سے گہرا ہے۔ زیادہ تلی ہوئی اور چکنائی والی اشیاء خون کی نالیوں پر منفی اثر ڈالتی ہیں۔ اگر ناشتے میں قدرتی اور سادہ غذاؤں کو شامل کیا جائے تو دل کی صحت بہتر رہ سکتی ہے۔ قبض ایک عام مگر تکلیف دہ مسئلہ ہے جس کا بڑا سبب ناقص غذا اور فائبر کی کمی ہے۔ جو لوگ سبزیاں، پھل اور پانی کم استعمال کرتے ہیں انہیں اکثر ہاضمے کے مسائل کا سامنا رہتا ہے۔ متوازن ناشتہ اس مسئلے سے بچانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ دل کے امراض دنیا میں اموات کی بڑی وجوہات میں شامل ہیں۔ ماہرین کے مطابق غیر صحت بخش خوراک، سستی اور زیادہ چکنائی والی غذائیں ان بیماریوں کے خطرات میں اضافہ کرتی ہیں۔ اگر لوگ دن کا آغاز متوازن غذا سے کریں تو دل کی صحت پر مثبت اثر پڑتا ہے۔ کئی لوگ صرف ڈائٹنگ کے لیے ناشتہ کرتے ہیں اور غذائیت کو نظرانداز کر دیتے ہیں۔ بازار کے پراٹھے، بیکری آئٹمز اور کولڈ ڈرنکس وقتی لطف تو دیتے ہیں مگر طویل مدت میں جسم کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اس کے مقابلے میں سادہ اور قدرتی غذا زیادہ مفید ثابت ہوتی ہے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ ہر شخص اپنی جسمانی ضرورت کے مطابق غذا کا انتخاب کرے۔ جو لوگ زیادہ جسمانی محنت کرتے ہیں ان کی غذائی ضروریات مختلف ہوتی ہیں جبکہ دفتر میں بیٹھ کر کام کرنے والوں کو نسبتاً کم کیلوریز درکار ہوتی ہیں۔ ورزش اور مناسب نیند بھی اچھی غذا جتنی اہم ہیں۔ اگر انسان متوازن غذا کھائے مگر نیند پوری نہ کرے یا جسمانی سرگرمی نہ ہو تو صحت کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس لیے اچھی زندگی کے لیے مکمل طرزِ زندگی کو متوازن بنانا ضروری ہے۔ پانی کا مناسب استعمال بھی ناشتے کے ساتھ اہمیت رکھتا ہے۔ بہت سے لوگ صبح اٹھتے ہی چائے یا کافی پیتے ہیں مگر پانی نہیں پیتے، جس سے جسم میں پانی کی کمی پیدا ہو سکتی ہے۔ دن کا آغاز پانی سے کرنا جسم کے لیے فائدہ مند سمجھا جاتا ہے۔ بچوں کے لیے بھی متوازن ناشتہ بے حد ضروری ہے کیونکہ ان کی جسمانی اور ذہنی نشوونما غذا سے جڑی ہوتی ہے۔ اگر بچے صرف چاکلیٹ، چپس اور میٹھی اشیاء کے عادی ہو جائیں تو ان کی صحت متاثر ہو سکتی ہے۔ بزرگ افراد کو بھی ہلکی مگر غذائیت سے بھرپور غذا استعمال کرنی چاہیے۔ زیادہ چکنائی اور بھاری کھانے ہاضمے کو متاثر کر سکتے ہیں جبکہ پروٹین اور فائبر سے بھرپور غذا توانائی برقرار رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ صحت مند زندگی کسی ایک وقت کے کھانے سے نہیں بلکہ مجموعی عادات سے بنتی ہے۔ اگر انسان مناسب مقدار میں متوازن غذا کھائے، جسمانی سرگرمی اختیار کرے اور غیر ضروری کھانوں سے پرہیز کرے تو وہ کئی بیماریوں سے محفوظ رہ سکتا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ لوگ سنی سنائی باتوں کے بجائے سائنسی حقائق کو سمجھیں۔ ہر انسان کا جسم مختلف ہے، اس لیے اپنی بھوک، صحت اور ضرورت کے مطابق غذا اختیار کرنا زیادہ دانشمندانہ رویہ ہے۔ متوازن ناشتہ دراصل جسم کے لیے ایندھن کی حیثیت رکھتا ہے۔ جب اس میں پروٹین، صحت مند چکنائیاں، پیچیدہ کاربوہائیڈریٹس اور سلاد شامل ہوں تو انسان نہ صرف دن بھر توانائی محسوس کرتا ہے بلکہ طویل مدت میں بہتر صحت، مضبوط دل اور متوازن وزن بھی حاصل کر سکتا ہے۔

ہم آہستہ آہستہ مر رہے ہیں



از قلم: اقرا نور، اسلام آباد

ہم آہستہ آہستہ مر رہے ہیں، کوئی اسرائیل کو روکنے والا نہیں! عید کے پُرمسرت دنوں میں یہ دردناک پیغام اہلِ غزہ نے دنیا بھر کے مسلمانوں کو دیا۔ جی ہاں! یہ وہی غزہ ہے جہاں بارود کے ذریعے صبح و شام خون کی ہولی کھیلی جاتی ہے۔ جہاں بارود برسنے میں تھوڑی سی کمی آتی ہے، تو وہاں بھوک اور قحط سر اٹھا لیتے ہیں۔ غزہ کے مظلوموں کی آزمائش ہے کہ کسی طور تھمنے کا نام ہی نہیں لیتی۔ فلسطینیوں نے اپنے دن رات کبھی بھوک سے نبرد آزما ہو کر، تو کبھی بارود کی گرج چمک کا سامنا کرتے ہوئے گزارے ہیں۔ اس طویل عرصے میں اہلِ غزہ کی طرف سے ہر ممکن کوشش کی گئی کہ سوئی ہوئی امتِ مسلمہ کو جگایا جائے، مگر سب کوششیں بے سود ثابت ہوئیں! حقیقت تو یہ ہے کہ مسلمان خود نہیں سوئے، بلکہ ان کے ضمیر سو چکے ہیں۔ بلکہ سونا ※ تو ان کے لیے بہت چھوٹا لفظ ہے، اس بے حس قوم کے ضمیر کے لیے مردہ ※ کا لفظ زیادہ موزوں ہے۔ عیاشیوں میں ڈوبے ہوئے عرب و عجم، سب نے مل کر اس تماشے کو دیکھا، لیکن کسی بھی عالمی پلیٹ فارم پر کوئی مؤثر آواز بلند نہ ہو سکی۔ آج غزہ کا کوئی حمایتی ہے نہ کوئی مددگار۔ اسلام کے نام پر بننے والے ممالک کے سربراہان بھی محض تماش بین بنے رہے۔ غرض، دنیا میں جس کو جتنی طاقت اور توفیق ملی، وہ فرعون بن گیا؛ اور تاریخ گواہ ہے کہ ظلم دیکھ کر خاموش رہنے والے بھی اصل میں ظالم کے ہی حمایتی ہوتے ہیں۔ اگر اسی طرح ظلم کے پہاڑ مسلمانوں کے بجائے کسی اور قوم پر توڑے جاتے، تو ہمارے ملک سمیت دنیا بھر کے تمام ممالک ظالم کے خلاف اٹھ کھڑے ہوتے، پوری دنیا میں مظاہرے ہوتے اور عالمی سطح پر سوگ منایا جاتا۔ دکھ اس بات کا نہیں کہ ظالم کا ظلم اذیت نہیں دیتا، بلکہ اصل دکھ اور کرب تو اپنے کلمہ گو بھائیوں کی اس مجرمانہ خاموشی کا ہے جن کو لہو کے بہتے دریا کا شور سنائی نہیں دیتا، ان کے جسم کی چادر تان کر سونے والی امت مسلمہ یاد رکھے کہ تاریخ جب بھی لکھی جائے گی، اس میں اسرائیل کی بربریت کے ساتھ ساتھ مسلم حکمرانوں کی بزدلی کا باب بھی جلی حروف میں درج ہوگا۔ غزہ کے بچے، مائیں اور بوڑھے شاید نہ رہیں، لیکن امتِ مسلمہ کی غیرت پر جو داغ لگ چکا ہے، وہ اب کبھی نہیں دھل سکے گا۔ تاریخ ہم سے سوال کرے گی اور اس دن ہمارے پاس خاموشی کے سوا کوئی جواب نہیں ہوگا ایک ایسی خاموشی جو خود

بقیہ 1

ویمن پولیس اسٹیشن بھی دنیا بھر کے ٹاپ 20 پراجیکٹس میں شارٹ لسٹ کیا گیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ''میرا پیارا'' پراجیکٹ کی ٹیم کو ڈبلیو ایس آئی ایس کی طرف سے گلوبل چیمپئن قرار دیئے جانے پر شاباش دی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ عوامی خدمات کے معتبر فورم اقوام متحدہ کے تحت (WSIS) پرائزز ڈیجیٹل گورننس پر پنجاب کے دو پروگرام کا شامل کیا جانا اعزاز ہے۔ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی ''میرا پیارا'' نے 1 لاکھ 45 ہزار سے زائد گمشدہ بچوں کے کیس کی مثال قائم کی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ''میرا پیارا'' پراجیکٹ کے تحت 54 ہزار سے زائد گمشدہ بچوں کے لئے مؤثر کارروائی قابل تحسین ہے۔''میرا پنجاب'' سے بچوں کے استحصال آن لائن ہراسگی اور دیگر معاملات میں معاونت کی گئی ۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ''میرا پنجاب'' کی عالمی سطح پر پذیرائی ٹیکنالوجی پر مبنی پبلک سروسز کی عالمی سطح پر اعتراف کا ثبوت ہے۔گمشدہ افراد کے لئے میرا پیارا ایپ دنیا بھر میں پاکستان کا مثبت تشخص نمایاں ہوا۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ پنجاب کے پراجیکٹس کی بدولت پاکستان ڈبلیو ایس آئی ایس کیٹیگری میں دو شارٹ لسٹ شدہ پراجیکٹس کے ساتھ دنیا کا واحد ملک بن گیا۔ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی (VCCS) کے ذریعے بچوں سے متعلق 1 لاکھ 45 ہزار سے زائد کیسز نمٹائے گئے۔ ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی کی بدولت 77 ہزار سے زائد گمشدہ بچے بازیاب کرایا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت حکومت نے 3 ہزار اسپیشل (معذور) بچوں کو بھی تلاش کر کے خاندانوں سے ملوایا۔ڈبلیو ایس آئی ایس کی رپورٹ کے مطابق پراجیکٹ کے تحت گمشدہ یا اغوا ہونے والے بچوں کے 54 ہزار سے زائد کیسز پر کارروائی کی گئی۔ 77 ہزار سے زائد بچے خاندانوں سے ملوائے گئے جن میں تین ہزار اسپیشل بچے بھی شامل ہیں۔ مربوط ڈیجیٹل رسپانس کے ذریعے بدسلوکی، آن لائن استحصال اور کمزور بچوں کے تحفظ کے ہزاروں کیسز حل کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب بھر میں اب تک مختلف کیٹیگریز کے کل 772,45,1 کیسز رپورٹ، ریکارڈ 157,36,1 کیسز کو کامیابی سے حل کر لیا گیا۔ رپورٹ ہونے والے مقدمات میں سے مجموعی طور پر 274,26 ایف آئی آرز رجسٹرڈ جبکہ 081,7 چالان عدالتوں میں جمع کروا دیے گئے۔گمشدہ اور اغوا ہونے والے 741,54 بچوں میں سے 811,53 بچوں کو کامیابی سے تلاش کر کے اہلخانہ سے ملا یا گیا۔ریسکیو ٹیموں کی کارروائی کے نتیجے میں 989,22 بچے ملے، جن میں سے 178,21 کو فوری طور پر خاندانوں کے حوالے کیا گیا۔رپورٹ کے مطابق اس وقت سسٹم میں 930 بچے لاپتہ اور 811,1 بچے تاحال غیر شناخت شدہ ہیں جن کے لیے روزانہ کی بنیاد پر فالواپ جاری ہے۔ بچوں پر تشدد اور بدسلوکی کے 447,15 کیسز رپورٹ ہوئے، جن پر فوری کارروائی کرتے ہوئے 075,5 ایف آئی آرز درج کی گئیں۔ چائلڈ بدسلوکی کیسز میں اب تک 830,3 ملزمان کو گرفتار کر کے 168,4 مقدمات کے چالان عدالتوں میں جمع کروائے جا چکے ہیں۔ بچوں کے خلاف آن لائن اور ڈیجیٹل بدسلوکی کے 191 کیسز سامنے آئے، جن پر 14 ایف آئی آرز درج اور 5 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق خصوصی افراد کے مجموعی طور پر 377,4 کیسز رپورٹ ہوئے، جن میں سے 984,2 افراد کو بازیاب کرا کے خاندانوں سے ملایا گیا۔خصوصی افراد کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پولیس نے اب تک 646 ایف آئی آرز درج کیں۔ چائلڈ پروٹیکشن بیورو (سی پی بی) میں 251 اور دارالامان میں 14 متاثرہ افراد کو فوری پناہ اور حکومتی سرپرستی فراہم کی گئی ہے۔

بقیہ 2

کہ بشریٰ بی بی کی فیملی کو بتایا ہوا ہے باہر جا کر بات نہیں کرنا۔ گورکھپور فیکٹری ناکے پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا کہ ہمیں پتہ ہے یہ ڈرے ہوئے اور خوفزدہ ہیں، ہمارا فوکس بانی پی ٹی آئی کی رہائی ہے۔انھوں نے کہا کہ اڈیالہ جیل کے اطراف کریفیو لگایا گیا ہے، بازار بھی بند کیا گیا ہے، ہمارا آئینی حق ہے کہ ہم اپنے بھائی سے ملیں، بانی پی ٹی آئی کو قید تنہائی میں رکھ کر ٹارچر کیا جا رہا ہے۔علیمہ خان نے کہا کہ میرے خلاف بھی کیس چل رہا ہے مجھے بھی جیل میں ڈال دیں۔

بقیہ 3

نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے 12 مئی کے عدالتی حکم نامے کو واپس لینے کے لیے درخواست دائر کردی۔درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ سپریم کورٹ نے 12 مئی کے آرڈر میں ہائیکورٹ کو ہدایات جاری کیں تاہم سپریم کورٹ ہائیکورٹ میں زیر التوا مقدمات میں مداخلت نہیں کر سکتی۔این سی سی اے کی درخواست میں کہا گیا کہ سب کے ساتھ یکساں سلوک کی پالیسی کے تحت حکم نامہ واپس لیا جائے۔ موقف کے مطابق سزا معطلی کے معاملے میں ہائیکورٹ کو فریقین کو سن کر فیصلہ کرنا چاہیے۔درخواست میں یہ بھی موقف اپنایا گیا کہ دوسرے فریق کو سننے کے لیے نوٹس جاری ہونے کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 4

محمود خان اچکزئی کے خلاف چمن میں جلسہ عام سے خطاب کے دوران مبینہ طور پر حکومت اور ریاستی اداروں کے خلاف تقاریر کرنے کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔پولیس کے مطابق تھانہ چمن سٹی میں گلستان کے رہائشی چیئرمین ہلال احمر بلوچستان ولی خان غنجیزئی کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے جس میں تعزیرات پاکستان کی دفعات 153A ،505 ، 341، 147، 149، 131، اور بلوچستان ساؤنڈ سسٹمز ریگولیشن ایکٹ 2016 کی دفعات شامل کی گئی ہیں ایف آئی آر کے متن کے مطابق محمود خان اچکزئی نے 29 مئی کو چمن میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا تھا، جس میں انہوں نے بلوچستان میں دہشت گردی اور ٹرکوں کو نذر آتش کرنے کے واقعات کی روک تھام میں ناکامی پر حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔اپوزیشن لیڈر نے اپنی تقریر کے دوران امن و امان کے قیام میں ناکامی پر سیکیورٹی اداروں پر بھی تنقید کی تھی جبکہ چمن کے رہائشیوں کو افغانی تذکرہ بنانے کی ترغیب دی اور پاکستانی اداروں اور پاکستانی عوام کے درمیان شدید اشتعال انگیزی پھیلانے کی کوشش کی۔پولیس حکام کا کہنا ہے کہ مقدمے کے اندراج کے بعد مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔

بقیہ 5

بلا روک ٹوک انتخابی مہم کی اجازت دینے کا مطالبہ کر دیا۔ بیرسٹر گوہر نے انتخابی مہم کیلئے اسکردو پہنچنے پر کہا کہ یہ انتخاب محض اقتدار کے حصول کی جدوجہد نہیں بلکہ جی بی میں جمہوریت کے تعین کا فیصلہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم اپنی سوچ، کارکردگی اور عوامی خدمت کے جذبے کی بنیاد پر مینڈیٹ لینا چاہتے ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں پارٹی کے اندر کوئی فارورڈ بلاک نہیں، پارلیمانی پارٹی اجلاس میں سب موجود تھے، سوائے ان کے جو بیرون ملک تھے، تمام ایم پی ایز وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے ساتھ ہیں۔گزشتہ روز پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی اجلاس میں 92 ارکان میں سے 25 سے زائد غیر حاضر تھے۔

بقیہ 6

خیبر پختونخوا کا صوبائی سیکرٹری اطلاعات مقرر کر دیا گیا۔فیصلہ صوبائی صدر جنید اکبر خان ایم این اے کی ہدایت پر کیا گیا۔اس ضمن میں پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا اعلیٰ اصغر خان کے دستخط سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔یہ تقرری ملک عادل اقبال کی بطور معاون خصوصی وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا تقرری اور پارٹی عہدے سے علیحدگی کے بعد عمل میں لائی گئی ہے۔

بقیہ 7

پاکستان جوجٹسو اور مکس مارشل آرٹس ٹیم کے کھلاڑیوں اور فیڈریشن عہدیداران کے ساتھ ہوئی، جنہوں نے عالمی سطح پر شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مختلف بین الاقوامی چیمپئن شپس میں گولڈ، سلور اور برانز میڈلز حاصل کیے۔خاص طور پر پاکستان نے ایشین ایم ایم اے چیمپئن شپ میں سلور میڈل جیت کر ایک اہم سنگِ میل عبور کیا، جس کے نتیجے میں پہلی بار پاکستان نے ایم ایم اے کے شعبے میں ایشین انڈور اینڈ مارشل آرٹس گیمز 2026ء کے لیے تاریخی کوالیفکیشن حاصل کی۔اس موقع پر پاکستان مکس مارشل آرٹس فیڈریشن کے صدر ذوالفقار علی نے چیئرمین رانا مشہود احمد خان کی جانب سے کھلاڑیوں کی خصوصی حوصلہ افزائی اور ملاقات کو سراہتے ہوئے اسے نوجوان کھلاڑیوں کے لیے انتہائی حوصلہ افزا اور مثبت اقدام قرار دیا۔پاکستان جوجٹسو فیڈریشن اور ساتھ ایشین جوجٹسو ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل طارق علی نے چیئرمین کو کھلاڑیوں کی حالیہ کارکردگی، بین الاقوامی کامیابیوں اور آئندہ ٹورنامنٹس کی تیاریوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے مستقبل کے منصوبوں اور کھلاڑیوں کی تیاریوں کے روڈمیپ سے بھی آگاہ کیا۔چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان نوجوان کھلاڑیوں، بالخصوص جوجٹسو اور مکسڈ مارشل آرٹس کے ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کو ہر سطح پر مکمل سپورٹ اور حوصلہ افزائی فراہم کرتی رہے گی تاکہ وہ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام مزید روشن کر سکیں۔

بقیہ 8

پیکیج نہ ملنے پر وفاقی حکومت سے جواب طلب کرلیا۔کیس کی سماعت جسٹس محمد علی مظہر کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کی، جسٹس عرفان سعادت نے کہا کہ درخواست 25 دن تاخیر سے دائر کی گئی۔پشاور ہائیکورٹ فیصلے پر توہین عدالت کی درخواست شہداء کے لواحقین کی جانب سے دائر کی گئی تھی، پشاور ہائیکورٹ نے توہین عدالت کی درخواست خارج کردی تھی۔درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ شہداء کے لواحقین کو اعلان کردہ پیکیج نہیں ملا۔جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ اگر کوئی پیکیج ملا ہے تو سب کو دیں، وفاقی حکومت بتائے کہ پشاور ہائیکورٹ فیصلے پر عملدرآمد ہوا یا نہیں۔کیس کی مزید سماعت غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کردی گئی۔

بقیہ 9

گلگت کو نظرانداز کیوں کیا گیا، ٹوٹی سڑکیں دیکھ کر دکھ ہوتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ گلگت بلتستان میں شروع ہونے والے نئے منصوبوں کی خود نگرانی کروں گا، ووٹ دیں یا نہیں، یہاں کے مسائل کے حل کے لیے شہباز شریف سے بات کروں گا، طلبہ کو اسکالرشپس دی جائیں گی، مزید لیپ ٹاپ دیے جائیں گے، میں وہ نواز شریف ہوں جو کسی پر تنقید کر کے کسی کی برائی کر کے ووٹ نہیں مانگتا ہم اپنی کارکردگی کی بنا پر ووٹ مانگتے ہیں۔نواز شریف نے کہا کہ یہاں 20،0 گھنٹے لوڈشیڈنگ ہوتی ہے، یہ ہمیں منظور نہیں ہے، کسی اور کو منظور ہو تو ہو، یہ مجھے منظور نہیں ہے، میں جا کر شہباز شریف سے بات کروں گا، اگر یہاں ہماری حکومت بنی تو میں ہر دوسرے، تیسرے مہینے یہاں آتا جاتا رہوں گا اور چاہوں گا کہ جو منصوبے ہم شروع کریں، میں ان کی تکمیل ہوتے ہوئے دیکھوں۔انہوں نے کہا کہ یہاں کہا جارہا ہے کہ ہمیں این ایف سی سے حصہ ملنا چاہیے، ہم نے اس سلسلے میں 2017 میں ایک کمیٹی بنائی تھی، اس کے بعد ہمیں نکال دیا گیا، اس وقت کمیٹی نے سفارشات مرتب کیں تھیں جنہیں ہم نے عملی جامہ پہنانا تھا، اس کا مطلب یہ کام اسوقت ہوگیا ہوتا، مجھے آپ نے کئی دفعہ دیس نکالا کیا ہے، مجھ سے گلہ نہیں کرو، یہ گلہ میں سننے کو تیار نہیں ہوں، یہ قصور آپ کا بھی ہے کہ مجھ جیسے بندے کو دیس نکالا کیوں ہونے دیا۔نواز شریف نے کہا کہ کیوں مجھے جیلوں میں ڈالا گیا، کیوں مجھے دیس چھوڑ کر جانا پڑا، یہ بھی سوچنے والی ہے، میں اس پر بات نہیں کرنا چاہتا لیکن یہ بھی حقیقت ہے، ہم تمام اسٹیک ہولڈرز کو بٹھا کر اس مسئلے کو حل کریں گے۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں منصوبے شروع ہوتے ہیں اور ختم ہونے کا نام نہیں لیتے، ہمارے علاوہ کسی جماعت نے ادھر کام نہیں کیا، یہاں کی سڑکوں کا حال دیکھ کر بہت دکھ ہوتا ہے۔نواز شریف کا کہنا تھا جب میں وزیراعظم تھا تو کئی بار اسکردو اور گلگت گیا تھا، جس گلگت کو میں جانتا تھا وہ کہاں ہے؟ میں چاہتا تھا کہ گلگت میں بہت ترقی ہو، گلگت میں سڑکوں پر کھڈے دیکھ کر بہت دکھ ہوا۔انہوں نے پوچھا کہ مانسہرہ سے گلگت تک روڈ بننی تھی، کیوں نہیں بنی، مجھے کوئی بتا سکتا ہے کہ گلگت کی سڑک کیوں نہیں بنی؟ میں کسی جماعت کے خلاف بات نہیں کرنا چاہتا، لیکن پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیوں چیزوں کو نظرانداز کیا۔انہوں نے کہا میں وہ نواز شریف ہوں جو کسی کی برائی یا تنقید کر کے ووٹ نہیں مانگتا، ہم اپنی کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ مانگتے ہیں، میرا دل روتا ہے کہ آپ لوگوں کی سہولتوں کے لیے کیوں پیسا نہیں لگایا گیا، وہ پیسا کہاں گیا؟ یہاں اسپتال بنایا تو ہم نے بنایا، ہائیڈل پاور پلانٹس ہم نے لگائے، نگر کا منصوبہ ہم نے مکمل کیا، مجھے بتائیں کسی اور پارٹی نے کوئی کام کیا ہو۔صدر مسلم لیگ ن کا کہنا تھا دیامر بھاشا ڈیم بنانے کے لیے اپنے زمانے میں 100 ارب روپے زمین کے لیے دیا تھا، زمین تو ہے لیکن دیامر بھاشا ڈیم نہیں بنا، 2015 میں 100 ارب دینے کے باوجود ڈیم اب تک نہیں بنا، ڈیم بننے کا فائدہ آپ کو اور باقی پاکستان کو بھی ہوتا، ہماری حکومت ہوتی تو یہ مسائل نہ ہوتے۔پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر کے دورہ گلگت بلتستان میں وفاقی وزرا خواجہ محمد آصف، احسن اقبال، رانا ثناء اللہ، سینیٹر پرویز رشید، پنجاب کی سینیئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، سینیٹر انوشہ رحمن، کاظم پیرزادہ بھی نواز شریف کے ہمراہ ہیں۔گلگت پہنچنے پر وفاقی وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام، سابق وزیراعلیٰ گلگت بلتستان حافظ حفیظ الرحمان، کیپٹن (ر) محمد صفدر اور دیگر پارٹی راہنماؤں نے پارٹی صدر کا استقبال کیا محمد نواز شریف پارٹی راہنماؤں اور گلگت بلتستان کے انتخابات میں حصہ لینے والے پارٹی ٹکٹ ہولڈرز سے ملاقاتیں کریں گے۔

بقیہ 10

ہالز اور مارکیز کے اندر تقریبات کے دوران چھوٹے ڈرون کے محدود استعمال کی اجازت ہے تاہم اندرونی تقریبات میں ڈرون کے محفوظ استعمال کی ذمہ داری منتظمین پر عائد ہوگی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق انٹیلی جنس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے پابندی سے مستثنیٰ قرار دیئے گئے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ عوامی تحفظ، امن وامان کا قیام اور املاک کی حفاظت حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔سیکرٹری داخلہ پنجاب نے پابندی ضابطہ فوجداری 1898ء کے سیکشن 144(6) کے تحت لگائی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پنجاب بھر میں ڈرون اڑانے پر پابندی کا اطلاق 24 جون تک ہوگا۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبہ بھر میں انتظامیہ اور پولیس کو جاری کردہ احکامات پر من و عن عملدرآمد کروانے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 11

پر چار سو 33 یونین کونسلز بنائی گئی ہیں۔راوی ٹاؤن 52، شالیمار میں 72، واہگہ ٹاؤن میں 25 یونین قائم کی گئی ہیں ۔ ماڈل ٹاؤن میں 77، نشتر ٹاؤن میں 40، صدر کینٹ میں 29 یونین کونسل بنائی گئیں، رائے ونڈ سٹی میں 32، لاہور سٹی میں 69 اور علامہ اقبال ٹاؤن میں 37 یونین بنائی گئیں۔شہری 23 جون تک حلقہ بندیوں پر اعتراضات دائر کر سکتے ہیں، حلقہ بندیوں کی حتمی فہرست دس اگست کو جاری ہوگی۔

بقیہ 12

محمد اسحاق ڈار کی جانب سے محترمہ کا جا کا لاس کے اعزاز میں دیے گئے ظہرانے کے موقع پر ہوئی۔اس موقع پر چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے محترمہ کا جا کا لاس کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہا اور ان کے دورے کو پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔گفتگو کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تعاون کے فروغ سے متعلق مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ نے اس امید کا اظہار کیا کہ دونوں فریقوں کے درمیان اعلیٰ سطح کے روابط مستقبل میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 13

محمد شہباز شریف کی زیر صدارت سرمایہ کاری میں اضافہ اور معیشت کی مجموعی ترقی کے لئے شعبہ جاتی اصلاحات اور پالیسی اقدامات پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ملکی معیشت کی پائیدار ترقی کے لئے صنعت وحرفت کا فروغ اور بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ صنعتی مصنوعات کی ملکی پیداور میں اضافہ کے ساتھ ساتھ، برآمدات بڑھانے کیلئے موثر پالیسی اقدامات حکومت پالیسی ترجیحات کا حصہ ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ صنعت وتجارت اور معیشت کے مختلف شعبہ جات میں اصلاحات طویل المدتی معاشی افادیت اور عوامی فلاح پر مرکوز ہونا چاہیے۔وزیراعظم نے کہا کہ مستقبل کی توانائی کی ضروریات کو متبادل توانائی کے ذرائع سے پورا کرنے کے لیے جامع حکمت عملی پر بھرپور انداز میں کام ہو رہا ہے۔شہباز شریف نے کہا کہ توانائی کی بچت اور سستی ٹرانسپورٹ کی ملکی ضروریات پوری کرنے کے لئے جامع اور موثر الیکٹرک وہیکلز پالیسی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کی مختلف شعبوں میں شمولیت کے لئے تمام وزارتیں اور ماہرین کی بامعنی مشاورت کو یقینی بنائیں وزیراعظم نے کہا کہ موثر ترقیاتی پالیسیز کی تشکیل ونفاذ کیلئے تمام وزارتیں باہمی تعاون اور ہم آہنگی سے کام کریں۔وزیراعظم نے کہا کہ تمام اصلاحات اور اقدامات میں انتظامی شفافیت اور بہترین کارکردگی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔اجلاس میں متعلقہ وزارتوں کی جانب سی مختلف زیرغور پالیسی تجاویز پر بریفنگ دی گئی۔اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر برائے پاور ڈیویژن سردار اویس لغاری، وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک، وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر اور ڈائریکٹر جنرل ایس آئی ایف سی میجر جنرل اسد الرحمٰن چیمہ اور متعلقہ اداروں کے عہدے داران نے شرکت کی۔

بقیہ 14

کسی نجی معاہدے یا رضامندی نامے کے ذریعے نابالغ بچے کے نان نفقہ کا حق ختم نہیں کیا جا سکتا جبکہ نان نفقہ باپ پر صرف قانونی نہیں بلکہ اخلاقی اور مذہبی ذمہ داری بھی ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ غیر ادا شدہ نان نفقہ باپ پر قابل نفاذ قرض ہے جو وقت گزرنے سے ختم نہیں ہوسکتا۔عدالتی فیصلے میں سورہ البقرہ، سورہ الطلاق اور احادیث نبوی کے حوالے بھی شامل کیے گئے ہیں۔عدالت نے قرار دیا کہ معاہدے کے وقت نابالغ نصیر اختر اعوان معذوری کی حالت میں تھا، اس لیے اس کے حقوق کا سودا نہیں کیا جا سکتا۔لاہور ہائیکورٹ نے فیملی اور اپیلٹ کورٹ کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے باپ کی پٹیشن خارج کر دی جبکہ ماضی کے نان نفقہ کے معاملے پر اسلامی اصولوں کے تحت نئی قانون سازی کی سفارش بھی کی ہے۔عدالت نے فیصلے کی کاپی لاء اینڈ جسٹس کمیشن اور وزارتِ قانون وانصاف کو بھجوانے کا حکم دے دیا۔ بچے کے والد اختر حسین اعوان نے نان نفقہ کے خلاف عدالت سے رجوع کرتے ہوئے موقف اختیار کیا تھا کہ 2005ء میں ہونے والے رضامندی نامے کے تحت تاحیات خرچہ طے ہو چکا ہے۔درخواست گزار کے مطابق قانون کے تحت ماضی کا نان نفقہ 6 سال سے زائد مدت کا وصول نہیں کیا جا سکتا جبکہ رضامندی نامے کی خلاف ورزی پر بچے کی والدہ پر ایک کروڑ روپے جرمانہ عائد کیا جانا چاہیے۔

بقیہ 15

آئی۔ ملاقات میں صوبے میں امن وامان کی ابتر صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے سی این جی اسٹیشنز کو گیس کی فراہمی پر وفاقی حکومت کے اقدامات کو سراہا اور رانا ثناء اللہ کے کردار کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا۔ ملاقات میں وفاق اور خیبر پختونخوا کے درمیان اہم امور پر تعاون جاری رکھنے پر اتفاق بھی کیا گیا۔اس کے علاوہ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری سے بھی ملاقات کی، ملاقات میں خیبر پختونخوا کی امن وامان کی صورتحال اور سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں ڈیرہ اسماعیل خان کے دینار ہسپتال میں کینسر کی تشخیص کے لیے جدید مشینری کی فراہمی پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں کینسر کے مریضوں کے لیے جدید تشخیصی سہولیات کی جلد فراہمی یقینی بنانے پر اتفاق کیا گیا۔گورنر نے صوبائی ترقی کے لیے وفاقی تعاون اور وفاق اور صوبوں کے درمیان مؤثر رابطوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دینار ہسپتال سے جنوبی خیبر پختونخوا کے متعدد اضلاع کے مریض مستفید ہوں گے، صوبوں کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے وفاقی و صوبائی تعاون ناگزیر ہے، عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 16

دشمنی یا لڑائی جھگڑے کا شاخسانہ قرار دیا جارہا ہے، تاہم پولیس نے تمام زاویوں سے تحقیقات شروع کردی ہیں۔سی پی او نے ایس پی پوٹھوہار سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا ہے۔ پولیس موقع پر موجود ہے اور شواہد اکٹھے کیے جارہے ہیں، جبکہ لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کیا جا رہا ہے۔پولیس حکام کے مطابق ملزمان کو جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ 17

کی تعمیر، موجودہ انفراسٹرکچر کی اپ گریڈیشن اور دفتری و آپریشنل استعداد کار میں اضافے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ افسران و جوانوں کی فلاح و بہبود کے لیے متعارف کرائی گئی سہولیات، رہائشی وطبی معاونت اور تعلیمی پروگراموں پر بھی غور کیا گیا۔ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز نے کہا کہ تمام منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے تاکہ ادارہ مزید جدید، مؤثر اور عوام دوست فورس کے طور پر ابھر سکے۔انہوں نے ہدایت کی کہ ترقیاتی اور فلاحی منصوبوں کی باقاعدہ نگرانی کی جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ پولیس اہلکار ادارے کا قیمتی اثاثہ ہیں، ان کی فلاح و بہبود اور بہتر ورکنگ ماحول اولین ترجیح ہے۔ جدید انفراسٹرکچر اور مؤثر انتظامی نظام سے نہ صرف فورس کی کارکردگی بہتر ہوگی بلکہ شہریوں کو بھی بہتر سروسز ملیں گی۔۔

بقیہ 18

بڑے پیمانے پر سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کیے گئے۔ یہ کارروائیاں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی نگرانی میں زونل ایس پیز کی زیر قیادت انجام دی گئیں۔سرچ آپریشنز کے دوران مجموعی طور پر 180,1 افراد کی چیکنگ کی گئی، 517 گھروں کی تلاشی لی گئی، 32 ہوٹلز، 138 دکانوں، 550 موٹر سائیکلوں اور 153 گاڑیوں کو بھی چیک کیا گیا۔ اس دوران جانچ پڑتال کے لیے 67 مشکوک افراد کو مختلف تھانہ جات میں منتقل کیا گیا جبکہ 52 موٹر سائیکلوں کو بھی مزید تصدیق کے لیے تھانوں میں منتقل کیا گیا۔مزید براں کارروائی کے دوران غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا جس کے قبضے سے ایک گن اور ایک عدد پستول بمعہ ایمونیشن برآمد کیا گیا۔ گرفتار ملزم کے خلاف قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے۔ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اس موقع پر کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا مزید تنگ کرنا اور شہر بھر میں سیکورٹی کو مؤثر بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن ''پکار-15'' پر دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک بنایا جاسکے۔

بقیہ 19

ترقیاتی بجٹ تقریباً ایک ہزار ارب روپے کی سطح پر جمود کا شکار ہے جبکہ اسی عرصے میں صوبوں کا ترقیاتی بجٹ ایک ہزار ارب روپے سے بڑھ کر 2869 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے جس کے باعث وفاق اور صوبوں کے ترقیاتی اخراجات میں نمایاں فرق پیدا ہو گیا ہے۔احسن اقبال نے بتایا کہ ترقیاتی منصوبوں کی مجموعی لاگت اور تھرو فارورڈ بڑھ کر 10 ہزار 818 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے۔آئندہ مالی سال 2026-27 کے لئے 1126 ارب روپے کے ترقیاتی پروگرام کی تجویز دی گئی ہے۔ وزارتوں نے جاری اور نئے منصوبوں کے لئے مجموعی طور پر 4097 ارب روپے کی طلب پیش کی ہیتاہم محدود وسائل کے باعث تقریباً 3000 ارب روپے کی اضافی طلب پوری کرنا ممکن نہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ دستیاب وسائل کو دانشمندی سے استعمال کرتے ہوئے اعلیٰ ترجیحی منصوبوں پر توجہ مرکوز رکھی جائے۔ بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں کو خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے اور این- 25 (پاکستان ایکسپریس وے) کے لئے 125 ارب روپے مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔وفاقی وزیر نے بتایا کہ حکومت اپنی اتحادی جماعتوں کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے 87 ارب روپے مختص کرے گی جبکہ آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور ضم شدہ اضلاع کے لئے 153 ارب روپے رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ وفاق این ایف سی میں اپنے 40 فیصد حصے سے آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان کو مالی معاونت فراہم کرے گا۔احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کو معاشی استحکام کی جانب لے جانے کے لئے مستحکم، متوازن اور پائیدار ترقی کا راستہ اختیار کرنا ہوگا۔ان کے مطابق برآمدات میں اضافے کے بغیر بلند اور دیرپا معاشی ترقی ممکن نہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف ایسی ترقی کے خواہاں ہیں جو پائیدار ہو اور جس کے ثمرات عوام تک پہنچیں۔انہوں نے بتایا کہ زراعت کے شعبے میں اصلاحات اور پیداوار میں اضافے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے جبکہ جدید ٹیکنالوجی، صنعت اور برآمدات کے فروغ کو قومی ترقی کی حکمت عملی کا اہم حصہ بنایا گیا ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ اپریل 2026 میں پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 3.21 ارب ڈالر تک پہنچ گئے جبکہ شرح سود 23 فیصد سے کم ہو کر 10 فیصد کی سطح پر آنا ایک بڑی معاشی کامیابی ہے۔انہوں نے کہا کہ 2019 سے 2022 کے دوران لئے گئے قرضوں کی ادائیگیاں اس وقت قومی معیشت پر بھاری بوجھ بن رہی ہیں۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ترقیاتی بجٹ میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ملک کو خود کفیل بنانے کے لئے ہر شعبے میں اصلاحات کا عمل جاری رکھا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو تعلیم اور ہنر کے مواقع فراہم کرنا، انفراسٹرکچر کے بڑے منصوبوں کی بروقت تکمیل، سی پیک منصوبوں کو آگے بڑھانا اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کے اہم اہداف ہیں۔احسن اقبال نے کہا کہ

حکومت نے بجلی کی سبسڈی کو ٹارگٹڈ بنانے کے لیے نیا سسٹم متعارف کرا دیا

اس نظام کا مقصد ایک ہی خاندان کے مختلف افراد کے نام پر موجود متعدد میٹرز کو چیک کرنا ہے

لاہور(این این آئی)حکومت نے بجلی کی سبسڈی کو ٹارگٹڈ بنانے کے لیے نیا سسٹم متعارف کرا دیا جس کے تحت اب صارفین کو اپنی شناخت اور گھریلو معلومات کی تصدیق کرنا ہوگی، صارف جب کیو آر کوڈ اسکین کرتا ہے تو اسے ایک آن لائن پورٹل پر لے جایا جاتا ہے،اس پورٹل پر شناختی کارڈ، موبائل نمبر اور بجلی کے میٹر کی تفصیلات درج کرنا ہوتی ہیں،اس کے بعد ون ٹائم پاس ورڈ کے ذریعے تصدیق عمل کی جاتی ہے۔

پی ٹی آئی کا بلاول بھٹو کے گلگت بلتستان خطاب پر ردعمل،عوام کارکردگی کی بنیاد پر فیصلہ کریں گے،راجا اظہر

بلاول بھٹو گلگت بلتستان کے باشعور عوام کو سبز باغ دکھا کر متاثر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں،رہنما پاکستان تحریک انصاف

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما راجا اظہر نے چیئرمین پیپلز پارٹی کے گلگت بلتستان میں خطاب پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ گلگت کے عوام سندھ کی بدترین گورننس، کرپشن اور بنیادی سہولیات کی کمی سے بخوبی واقف ہیں، اس لیے وہ صرف نعروں اور وعدوں کی بنیاد پر فیصلے نہیں کریں گے۔اپنے بیان میں راجا اظہر نے کہا کہ بلاول بھٹو گلگت بلتستان کے باشعور عوام کو سبز باغ دکھا کر متاثر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، تاہم عوام اب خالی دعوں اور سیاسی نعروں سے متاثر ہونے والے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی صرف انتخابی موسم میں عوام کو یاد کرتی ہے جبکہ اقتدار میں آنے کے بعد عوامی مسائل کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے سوال اٹھایا کہ پیپلز پارٹی برسوں سے سندھ میں حکومت کر رہی ہے، لیکن عوام کو عملی طور پر کیا ریلیف ملا؟

اسلاموفوبیا کے بڑھتے رجحانات نے عالمی ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے، پیر ارشد کاظمی

کراچی (این این آئی) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر طریقت صوفی سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں جاری جنگوں، ظلم و جارحیت، فلسطین و کشمیر کے مظلوم مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے مظالم اور اسلاموفوبیا کے بڑھتے رجحانات نے عالمی ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے مگر افسوس کہ مسلم حکمرانوں کی بے حسی اور امت کی باہمی تقسیم دشمن قوتوں کو مزید طاقت فراہم کر رہی ہے۔

پشاور: وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر برائے زراعت میاں محمد عمر حمزہ زراعت کے مجوزہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 2026-27 کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

چوہدری شجاعت حسین کی ہدایت پر مسلم لیگ کے مرکزی وفود گلگت اور سکردو پہنچ گئے

مسلم لیگ نے خطے کو جدید انفراسٹرکچر، بہتر شاہراہوں، تعلیم اور صحت کی سہولیات فراہم کیں، چوہدری شجاعت حسین

اسلام آباد/گلگت (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے صدر کی ہدایت پر پارٹی کے مرکزی رہنماؤں کے وفود گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں انتخابی مہم میں حصہ لینے کے لیے پہنچ گئے ہیں۔اپنے بیان میں چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ کے دورِ حکومت میں گلگت بلتستان میں ترقی کا ایک نیا باب رقم ہوا، مسلم لیگ نے خطے کو جدید انفراسٹرکچر، بہتر شاہراہوں، تعلیم اور صحت کی سہولیات فراہم کیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام نعروں اور وعدوں کے بجائے جماعتوں کی عملی کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے ووٹ کا استعمال کریں۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام نے آزادی کی جدوجہد میں بے مثال قربانیاں دے کر پاکستان کے ساتھ اپنی وابستگی کا ثبوت دیا، اور پوری قوم ان کی حب الوطنی اور قومی خدمات کی معترف ہے۔

نوجوان نسل کو بے راہ روی وغیر اخلاقی سرگرمیوں سے بچایا جائے، مفتی فیض القادری

کراچی (این این آئی) جماعت غوثیہ اہلسنت انٹرنیشنل کے چیئرمین مفتی ابوالحسن محمد فیض القادری نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کو سوشل میڈیا کی بے راہ روی، فحاشی، جھوٹے پروپیگنڈے اور غیر اخلاقی سرگرمیوں سے بچانا وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکا ہے، جدید ٹیکنالوجی اگرچہ علم و آگاہی کا مؤثر ذریعہ ہے مگر اس کا غلط استعمال نئی نسل کو دینی، اخلاقی اور سماجی تباہی کی طرف لے جا رہا ہے

ایم کیو ایم مردہ سیاست کو زندہ کرنے کے لیے مسائل کو بلاوجہ سیاسی رنگ دیتی ہے، شرجیل میمن

ایم کیو ایم وفاقی حکومت کے معاملات اور مسائل بھی سندھ حکومت کے کھاتے میں ڈالنے کی کوشش کرتی ہے، وزیر اطلاعات و ٹرانسپورٹ سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم اپنی مردہ سیاست کو زندہ کرنے کے لیے مختلف مسائل اور ایشوز کو غیر ضروری طور پر سیاسی رنگ دیتی ہے۔انہوں نے کہا کہ گیس کی کمی وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے، جبکہ کے۔الیکٹرک بھی سندھ حکومت کے ماتحت ادارہ نہیں ہے۔ پانی کی کمی کے حوالے سے سندھ حکومت پہلے ہی ارسا کو خط لکھ چکی ہے

ایران میں نئے پاکستانی سفیر عمران احمد صدیقی کی سرگرمیوں کا آغاز، قم اور مشہد کا دورہ

ملاقاتوں میں عوامی روابط کو مزید مضبوط بنانے اور پاک-ایران تعلقات کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور

قم/مشہد(این این آئی)ایران میں پاکستان کے نئے سفیر عمران احمد صدیقی نے سفارتی ذمے داریوں کا آغاز کرتے ہوئے قم اور مشہد شہروں کا دورہ کیا ہے۔عمران احمد صدیقی گزشتہ ہفتے سفارتی ذمے داریوں کے لیے ایران پہنچے تھے، انہیں مدرٹ ٹیپو کی جگہ تہران میں تعینات کیا گیا ہے۔مدرٹ ٹیپو جلد ازبکستان میں بطور سفیر ذمے داریاں سنبھالیں گے جہاں وہ تاشقند میں سفیرِ پاکستان احمد فاروق کی جگہ تعینات ہوں گے۔احمد فاروق اپنی تعیناتی کی مدت مکمل کر کے وطن واپس آ رہے ہیں۔دورہ مشہد کے دوران سفیر عمران احمد صدیقی نے امام آیت اللہ سید احمد المولودہ اور آستان قدس رضوی کے نائب متولی مصطفیٰ فیضی سے ملاقات کی۔انہوں نے پاکستانی زائرین کو بہترین سہولتوں کی فراہمی پر متعلقہ اداروں کی کاوشوں کو سراہا۔ملاقاتوں میں عوامی روابط کو مزید مضبوط بنانے اور پاک-ایران تعلقات کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔

مہمند ریسکیو 1122 مہمند نے مئی 2026 کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری کر دی

439 مختلف نوعیت کے ایمرجنسی واقعات میں بروقت امداد خدمات انجام دیں

غلنئی (این این آئی)ضلع مہمند ریسکیو 1122 مہمند نے ماہ مئی 2026 کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر خالق داد کی سربراہی میں ریسکیو 1122 مہمند نے ماہ مئی کے دوران مجموعی طور پر 439 مختلف نوعیت کے ایمرجنسی واقعات میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے عوام کو ہنگامی بنیادوں پر امدادی خدمات فراہم کیں۔جاری کردہ رپورٹ کے مطابق ان ایمرجنسیز میں 363 میڈیکل ایمرجنسیز، 44 روڈ ٹریفک حادثات، 8 لڑائی جھگڑے یا گولی لگنے کے واقعات، 2 عمارتیں منہدم ہونے کے واقعات، 2 پریشر کوکر دھماکے، ایک آگ لگنے کا واقعہ، 2 پانی میں ڈوبنے کے واقعات جبکہ 17 دیگر ریکوری ایمرجنسیز شامل ہیں۔ان واقعات کے دوران مجموعی طور پر 449 افراد کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد قریبی اور متعلقہ ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔

پشاور: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے سعودی ایمبیسی کے سربراہ کنسلر محمد طارق کی قیادت میں وفد گورنر ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کر رہا ہے۔

ملک میں 10 ہزار سے زائد نئی کمپنیاں رجسٹرڈ، غیر ملکی سرمایہ 218 فیصد بڑھ گیا

گزشتہ سال اسی عرصے میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کی تعداد 8 ہزار 693 تھی، اعلامیہ ایس ای سی پی

اسلام آباد(این این آئی) ملک میں رواں سال فروری سے اپریل تک 10 ہزار سے زائد کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان (ایس ای سی پی) کمپنیوں کی رجسٹریشن کے اعداد و شمار جاری کیے ہیں جس کے مطابق فروری سے اپریل کے دوران 10 ہزار 511 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے میں رجسٹرڈ ہونے والی کمپنیوں کی تعداد 8 ہزار 693 تھی۔

بیجنگ کے نواحی گاؤں کی کامیاب تبدیلی، نکاسی آب کی نالی سے سالانہ 70 ہزار ڈالر آمدن

آڑو کے باغات کے درمیان واقع گاؤں نے سیاحت سے معیشت کو نئی زندگی دے دی

بیجنگ(این این آئی)بیجنگ کے مرکزی شہر سے 91 کلومیٹر دور واقع ایک گاؤں، جو کبھی نظر انداز شدہ بستی سمجھا جاتا تھا، آج دیہی ترقی اور غربت کے خاتمے کی ایک نمایاں مثال بن چکا ہے۔ 30 ہزار ایکڑ سے زائد رقبے پر پھیلے آڑو کے باغات کے درمیان واقع اس گاؤں میں اب کیفے، شیشے کے لاؤنج، بک بارز، کسان بازار اور پالتو جانوروں کے لیے مخصوص تفریحی مراکز قائم ہو چکے ہیں۔گاؤں کی ایک پرانی نکاسی آب کی نالی، جو ماضی میں بے کار سمجھی جاتی تھی، اب مقامی معیشت کا اہم ذریعہ بن گئی ہے۔اسی مقام پر جلد ایک قدیم طرز کا کافی ہاؤس بھی کھولا جا رہا ہے۔گاؤں کی ذمہ دار شخصیت لی نانے چائنہ اکنامک نیٹ کو بتایا کہ گرمیوں میں یہ جگہ ایک آبی گزرگاہ بن جاتی ہے اور سردیوں میں روشنیوں کے دلکش شو کا مرکز بن جاتی ہے۔

حیدرآباد: آئی بی اے ٹیسٹ پاس امیدوار آفر لیٹر نہ ملنے کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں۔

14 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ عوام پر قہر بن کر ٹوٹ پڑی ہے، ن جماعت ایم کیو ایم پاکستان

اربوں روپے کے بھاری بھرکم بل ہڑپنے والا ادارہ آئین و قانون سے ماورا ہو کر دھونس اور دھمکیوں پر اتر آیا ہے، بیان

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے ترجمان نے کراچی میں جاری شدید ترین گرمی کی لہر کے دوران کے الیکٹرک کی جانب سے کی جانے والی بدترین اور ظالمانہ لوڈشیڈنگ پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے اسے شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے کے مترادف قرار دیا ہے، مرکز بہادر آباد سے جاری کردہ بیان میں متحدہ ترجمان نے کہا ہے کہ کے الیکٹرک ایک بار پھر شہر قائد کو بلا تعطل بجلی فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے

کراچی: جمشید روڈ فلاحی ادارے کی جانب سے شہریوں کو گرمی میں ٹھنڈا پانی پلایا جا رہا ہے۔

سوات، بھائی کے قتل اور بھابھی کے اغوا میں ملوث تمام ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ

پولیس نے مقدمہ درج کر کے چار ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے

سوات (این این آئی)تحصیل بحرین کے علاقے رامیٹ سے تعلق رکھنے والے افضل خان اور امیر زیب نے حکومت اور پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ ان کے بھائی کے قتل اور بھابھی کے مبینہ اغوا میں ملوث تمام ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے۔ سوات پریس کلب میں اپنی بھابھی مسمار شیدہ اور ان کے بچوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ 21 مئی کو مخالف فریق کے افراد نے ان کے گھر پر حملہ کیا، جس دوران ان کے بھائی اکرم کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا جبکہ مسمار شیدہ کو تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد اغوا کر لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کے بھتیجے ارشاد نے مخالف فریق کی ایک لڑکی کے ساتھ کورٹ میرج کی تھی تاہم انہیں اس شادی کے بارے میں کوئی علم نہیں تھا اور نہ ہی یہ معلوم ہے کہ دونوں اس وقت کہاں موجود ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ اسی تنازعے کی بنیاد پر ان کے خاندان کو نشانہ بنایا گیا، گھر کی چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کیا گیا اور ان کے بھائی کو قتل کیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے چار ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے

سوات، بین الضلاعی ڈکیت گینگ گرفتار، سیاحوں سے لوٹی گئی نقدی، موٹر سائیکلیں برآمد

مسلح ملزمان نے لوٹ کر ان سے موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون چھین لیے تھے

سوات (این این آئی)سوات میں غالیگے پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بندوق کی نوک پر موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون لوٹنے والے بین الضلاعی گینگ کو بے نقاب کر کے چار ملزمان اور ایک سہولت کار خاتون کو گرفتار کر لیا۔ ایڈیشنل ایس پی سوات غلام صادق نے ایس ڈی پی او بریکوٹ سید رحیم، ایس ایچ او تھانہ غالیگے نثار الدین اور انچارج انویسٹی گیشن شکیل خان کے ہمراہ پریس بریفنگ میں بتایا کہ تین روز قبل بریکوٹ میں سیر و تفریح کے لیے آنے والے نوجوانوں کو نامعلوم مسلح ملزمان نے لوٹ کر ان سے موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل فون چھین لیے تھے۔ واقعے کا مقدمہ مدعی سجاد ولد محمد علی سکنہ بونیر کی رپورٹ پر تھانہ غالیگے میں درج کیا گیا۔ ڈی پی او سوات محمد عمر خان کی ہدایت پر خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی جس نے سی سی ٹی وی فوٹیج اور جدید تکنیکی ذرائع کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے گینگ کے چار ارکان محمد کامران، اسد خان، حارث خان اور جنید، ساکنان ضلع مردان، جبکہ سہولت کار ملزمہ (س) زوجہ نیاز علی کو گرفتار کر لیا۔

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ کے صوبائی وزیر اوقاف، مذہبی امور اور زکوٰۃ و عشر ریاض حسین شاہ شیرازی وزیر اعلیٰ ہاؤس میں قائم کمپلین سیل میں عوامی شکایات سن رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر سوات اور ڈپٹی کمشنر بر سوات کی ملاقات، انتظامی امور اور عوامی فلاح پر تبادلہ خیال

دونوں افسران نے عوامی فلاح، بہتر انتظامی امور اور خطے کی ترقی کے لیے مشترکہ کوششوں کو مزید موثر بنانے کے عزم کا اعادہ کیا

سوات (این این آئی)ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت سے ان کے دفتر میں ڈپٹی کمشنر بر سوات سہیل احمد خان نے ملاقات کی۔ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے مختلف امور، انتظامی معاملات، عوامی خدمت اور ضلعی سطح پر جاری ترقیاتی و فلاحی اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محب اللہ بھی موجود تھے۔ڈپٹی کمشنر سوات سلیم جان مروت نے ڈپٹی کمشنر بر سوات سہیل احمد خان کے لیے نیک تمنا کا اظہار کرتے ہوئے ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عوامی خدمت کے جذبے کو سراہا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ سہیل احمد خان اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں سرانجام دیتے ہوئے علاقے کی ترقی، بہتر طرز حکمرانی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مؤثر کردار ادا کرتے رہیں گے۔ملاقات کے دوران دونوں افسران نے ضلعی انتظامیہ کے مابین باہمی رابطوں، ادارہ جاتی تعاون اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے بھی گفتگو کی۔

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کو صوبائی محتسب سندھ ڈاکٹر سہیل راجپوت وزیر اعلیٰ ہاؤس میں سالانہ رپورٹ 2025 پیش کر رہے ہیں۔

کراچی پورٹ کو ایک ماڈرن ٹرانس شپمنٹ ہب میں تبدیل کرنے کے لیے جامع اصلاحات جاری ہیں، شاہد احمد

کنیکٹیویٹی اور بزنس فیسلیٹیشن اقدامات قابلِ تحسین، کاروباری برادری کے لیے نئی اپرچونیٹیز پیدا ہوں گی، چیئرمین کے پی ٹی

لاہور (این این آئی) چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ ریئر ایڈمرل شاہد احمد نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا اور کاروباری برادری کو کراچی پورٹ کی جدید کاری، آپریشنل بہتریوں اور مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی پریزنٹیشن دی۔سینئر نائب صدر تنویر احمد شیخ نے انکا استقبال کیا جبکہ نائب صدر خرم لودھی، سابق صدور میاں انجم شاہ، طاہر جاوید ملک، سابق سینئر نائب صدر علی حسام اصغر، اور ایگزیکٹو کمیٹی ممبران بھی اس موقع پر موجود تھے۔اپنے خطاب میں چیئرمین کے پی ٹی شاہد احمد نے کہا کہ کراچی پورٹ کو ایک ماڈرن ٹرانس شپمنٹ ہب میں تبدیل کرنے کے لیے جامع اصلاحات جاری ہیں، جن کے تحت پورٹ آپریشنز کو ڈیجیٹائز کیا جا رہا ہے اور بزنس فیسلیٹیشن کو اولین ترجیح دی گئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ پورٹ پر کنٹینر ہینڈلنگ کی استعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور رواں سال تقریباً 27 لاکھ کنٹینرز ہینڈل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ریونڈ ریکوری کے حوالے سے گزشتہ چند ماہ میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے

گلگت بلتستان عام انتخابات، پنجاب پولیس کے 5 ہزار اہلکار سیکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے

آئی جی پنجاب کے حکم پر ایس ایس پی ایم ٹی پنجاب کو مراسلہ بھجوا دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس نے گلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات کے لیے سیکیورٹی انتظامات کو حتمی شکل دے دی جس کے تحت پانچ ہزار مرد و خواتین اہلکار عام انتخابات میں سیکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔آئی جی پنجاب کے حکم پر ایس ایس پی ایم ٹی پنجاب کو مراسلہ بھجوا دیا۔مراسلے کے مطابق پنجاب پولیس کے آر ایم پی ونگ کے 1500 اہلکار جبکہ پنجاب کانسٹیبلری کے 1242 اہلکار گلگت بلتستان جائیں گے۔ پنجاب ہائی وے پٹرولنگ ونگ کے 1958 اور لاہور پولیس کی 300 لیڈیز اہلکار بھی ڈیوٹی پر جائیں گے۔گلگت بلتستان عام انتخابات میں اہلکاروں کو پہنچانے کے لیے ٹرانسپورٹ کے مناسب انتظام کے ساتھ ریل گاڑی کے سفر کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ نفری کو گلگت بلتستان پہنچانے والی بسوں کے نمبر، ڈرائیورز کے نام اور رابطہ نمبرز آئی جی آفس متعلقہ برانچ کو فراہم کیے جائیں۔مراسلے میں بسوں کے فٹنس سرٹیفکیٹس بھی فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی

حیدرآباد: امیر جماعت اسلامی ضلع حیدرآباد حافظ طاہر مجید مرکز تبلیغ اسلامی کی شاہ روڈ میں استقبالیہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ساہیوال، رنجش پر حجام کا بھائی اور بوڑھے زمیندار کو قتل، مقدمات درج، ملزم گرفتار نہ ہو سکے

بھائی محمد شہزاد کی مدعیت میں چار ملزموں کے خلاف مقدمہ 302، 34 ت پ درج کر لیا

ساہیوال (این این آئی)رشتہ داری کی رنجش حجام کے بھائی کی زہر دے دیا، ماموں سے رنجش پر بوڑھے زمیندار کو تشدد سے ہلاک کر دیا۔ چک 95 چھ آر میں حجام کے بھائی زوہیب اکبر کو چار افراد نے زہر دے کر ہلاک کر دیا۔تفصیلات کے مطابق اسی چک کے محمد شہزاد حجام کے بھائی زوہیب اکبر کو رشتہ داروں نے اسکی دوکان سے رشتہ داری کی بات کرنے کا بہانہ بنا کر شاہ زیب چوہان، زبیر چوہان، طیب اور اسکی ماں رمضانہ نخشی اسے گھر لے گئے اور شربت میں زہر ملا کر دے دیا جس سے زوہیب اکبر بے ہوش ہو کر گر گیا جسے ہسپتال پہنچایا گیا تو ایمرجنسی میں دم توڑ گیا۔پولیس فرید ٹاؤن نے مقتول کے بھائی محمد شہزاد کی مدعیت میں چار ملزموں کے خلاف مقدمہ 302، 34 ت پ درج کر لیا ہے ابھی تک ملزم گرفتار نہیں ہو سکے۔دریں اثنا چک 159 نوایل میں ایک زمیندار حافظ علی نواز کے با پ محمد نواز 61 سالہ کو قتلین بلوچ اور حمیدہ نے گھر سے باہر بلایا اور رنجش کی بنا پر ڈنڈوں سوٹوں سے تشدد کر کے ہلاک کر دیا۔

مبینہ پولیس زیادتیوں اور نوجوانوں کی گمشدگی کے خلاف خروس برادری کی خواتین کا احتجاج

سکھر (این این آئی)سکھر کے علاقے گاں شیر محمد خروس شہید بادشاہ کے رہائشی خروس برادری کی خواتین مائی کونج خاتون، جندل خاتون، ریحانہ، شمیر اں اور دیگر نے قرآن پاک اٹھا کر معصوم بچوں کے ہمراہ سکھر پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ گزشتہ ہفتے کے روز سعید آباد چوکی کے انچارج نظیر کلہوڑو، ریاض کورائی اور دیگر پولیس اہلکاروں نے راستے سے گزرنے والے نوجوان جاوید خروس کو، جو اپنی والدہ کے ساتھ موٹر سائیکل پر جا رہا تھا

جائیداد کے تنازع پر بھائیوں کے ظلم کے خلاف نظیر ہکڑو کا بچوں سمیت احتجاج

سکھر (این این آئی)سکھر کے علاقے باگڑ جی کے رہائشی نظیر ہکڑو نے اپنے معصوم بچوں کے ہمراہ بھائیوں کی زیادتیوں کے خلاف سکھر پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے کہا کہ ان کے بھائی انہیں جائیداد میں حصہ نہیں دے رہے، جس کے باعث وہ متعدد بار پولیس اور دیگر متعلقہ حکام سے انصاف کے لیے رجوع کر چکے ہیں، لیکن انہیں انصاف نہیں مل سکا ہے۔ چند روز قبل ان کے بھائیوں نے رات کے وقت ان پر حملہ کر کے شدید تشدد کا نشانہ بنایا اور ان کا بازو توڑ دیا۔

بنوں، نامعلوم افراد نے گیس پائپ لائن دھماکے سے اڑا دی، سپلائی معطل

بنوں (این این آئی)بنوں میں نامعلوم افراد نے گیس پائپ لائن کو دھماکا خیز مواد سے اڑا دیا۔پولیس کے مطابق واقعہ گزشتہ رات میریان میں پیش آیا، دھماکے کے نتیجے میں پنجاب کے مختلف شہروں کو گیس کی سپلائی معطل ہو گئی۔دوسری جانب کے پی کے دارالخلافہ پشاور کے کوہاٹ روڈ پر بارودی مواد کا دھماکا ہوا۔پولیس کے مطابق واقعے میں کوئی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

خوشاب، زمین کے تنازع پر فائرنگ، بچہ جاں بحق، 8 افراد زخمی

خوشاب (این این آئی)خوشاب کے علاقے نور پور تھل میں زمین کے تنازع پر فائرنگ سے بچہ جاں بحق اور 8 افراد زخمی ہو گئے اس حوالے سے پولیس نے بتایا کہ زخمیوں میں 2 خواتین بھی شامل ہیں جبکہ 5 زخمیوں کی حالت تشویش ناک ہے۔پولیس کے مطابق پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی ہے اور تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں

درس پولیس کے درمیان مبینہ مقابلہ، ایک شخص زخمی حالت میں گرفتار

واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں تاکہ حقائق سامنے آسکیں

مورو۔(رپورٹ: سندھی الطاف سومرو)درس پولیس کے درمیان مبینہ مقابلہ، ایک شخص زخمی حالت میں گرفتار۔ تھانہ درس کی حدود میں درس بائی پاس ریلوے پھاٹک کے قریب پولیس اور مبینہ جرائم پیشہ افراد کے درمیان مقابلہ ہوا، جس کے دوران پولیس نے ایک شخص کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اس کے قبضے سے غیر قانونی پستول برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ درس تھانے کے ایس ایچ او انسپکٹر ذوالفقار بھنبھرو کے مطابق گشت کے دوران جرائم پیشہ افراد سے مقابلہ ہوا، جس میں نواں جتوئی کا رہائشی عادل ولد علی اکبر کھوسو اپنے ساتھی کی فائرنگ سے زخمی ہو گیا۔ درس پولیس کا کہنا ہے کہ اسے جوابی کارروائی کے دوران گرفتار کیا گیا، جبکہ اس کے تین ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر فرار ہو گئے، جن کی تلاش جاری ہے۔ رات کی تاریکی کے باعث درس پولیس کا کوئی اہلکار زخمی نہیں ہوا۔درس پولیس کے مطابق گرفتار عادل کھوسو کے خلاف مختلف تھانوں میں 15 مقدمات درج ہیں اور ان کے مجرمانہ ریکارڈ کے حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے۔ دوسری جانب زخمی ملزم کو تعلقہ ہسپتال مورو منتقل کر دیا گیا، جہاں ڈاکٹروں کی جانب سے ابتدائی طبی امداد کے بعد مزید علاج کے لیے نواب شاہ اسپتال بھیج دیا گیا۔ واقعہ کے حوالے سے علاقے میں مختلف سوالات بھی اٹھ رہے ہیں۔بعض ورثاء اور شہریوں کا کہنا ہے کہ معاملے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں تاکہ حقائق سامنے آسکیں۔

ان کا کہنا ہے کہ پولیس مقابلوں کے حوالے سے اکثر سوال اٹھتا ہے کہ ایسے واقعات میں پولیس اہلکار کم زخمی ہوتے ہیں جبکہ ملزمان زخمی یا گرفتار ہوتے ہیں۔شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں تاکہ حقائق سامنے آسکیں۔

مورو کے فرسٹ سول جج مدد علی کھوسو نے سوشل میڈیا پر چلنے والی خبر کا نوٹس لے لیا

ایس ایچ او مورو امتیاز علی کھاوڑ کو نوٹس جاری۔ ریکارڈ سمیت پیش ہونے کا حکم

مورو۔(رپورٹ: سندھی الطاف سومرو)مورو کے فرسٹ سول جج مدد علی کھوسو نے سوشل میڈیا پر چلنے والی خبر کا نوٹس لے لیا ہے۔ ایس ایچ او مورو امتیاز علی کھاوڑ کو نوٹس جاری۔ریکارڈ سمیت پیش ہونے کا حکم۔مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہونے والے جانی عرف دانش وسطرو کے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے فرسٹ سول جج و جوڈیشل مجسٹریٹ مورو مدد علی کھوسو نے ایس ایچ او مورو امتیاز علی کھاوڑ کو نوٹس جاری کر دیا ہے۔عدالت نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبر کی بنیاد پر نوٹس لیا ہے، جانی عرف دانش وسطرو کو گھر سے حراست میں لینے کے بعد مبینہ جعلی مقابلے میں مارا گیا۔ نوٹس میں مزید کہا گیا ہے کہ متوفی کی نعش کو تعلقہ اسپتال مورو منتقل کیا گیا، جہاں متوفی جانی عرف دانش وسطرو کے ورثا کی جانب سے متعدد بار درخواستوں کے باوجود متوفی جانی عرف دانش وسطرو کی نعش ورثاء کے حوالے نہیں کی گئی جو کہ قانون کے مطابق جرم ہے۔عدالت نے ایس ایچ او مورو امتیاز علی کھاوڑ کو نوٹس جاری کرتے ہوئے ریکارڈ سمیت عدالت میں پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔ نوٹس کی کاپیاں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نوشہرو فیروز اور ایس ایس پی نوشہرو فیروز میر رحول خان کھوسو کو بھی بھجوا دی گئی ہیں۔

میانی گوندپور میں عظیم الشان مذہبی محفل کا انعقاد

علاقہ بھر سے علماء کرام، مشائخ عظام اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی

سرگودھا میانی محمد زبیر بھٹی سے۔۔۔۔میانی گوندپور میں عظیم الشان مذہبی محفل کا انعقاد، علماء و مشائخ کی شرکت۔۔میانی کے علاقے میں ایک عظیم الشان مذہبی محفل کا انعقاد کیا گیا جس میں علاقہ بھر سے علماء کرام، مشائخ عظام اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس روحانی و دینی اجتماع کا مقصد عشقِ رسول ﷺ اور دینی تعلیمات کو عام کرنا تھا۔اس محفل پاک میں جگر گوشہ سلطان العارفین حضرت پیر فیاض الحسن سروری قادری صاحب نے شرکت کی محفل میں معروف علماء کرام نے سیرت طیبہ ﷺ پر روشنی ڈالتے ہوئے امت مسلمہ کو اتحاد، اخوت اور سنتِ نبوی ﷺ پر عمل پیرا ہونے کی تلقین کی۔ شرکاء نے پرجوش انداز میں درود و سلام پیش کیا اور روحانی ماحول سے خوب استفادہ کیا۔تقریب میں مختلف نعت خواں حضرات نے بارگاہِ رسالت ﷺ میں ہدیۂ نعت پیش کیا جس میں خصوصی شرکت قاری شاہد محمود قادری صاحب نے کی جس سے محفل پاک کا سماں مزید روحانی اور پرنور ہو گیا۔ انتظامیہ کی جانب سے سکیورٹی اور دیگر انتظامات کو بھی بہترین انداز میں مکمل کیا گیا۔ محفل کا اہتمام شہر کی مشہور مارکی الحرم مارکی میرج ہال گوندپور میں کیا گیا آخر میں ملک و قوم کی سلامتی، امت مسلمہ کے اتحاد اور علاقے کی ترقی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی زیر